کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاک فوج کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے جو بھی پاکستان کو میلی آنکھ سے دیکھے گا اسے بھرپور جواب دیا جائے گا گزشتہ شب بھارت نے پاکستان پر بلا اشتعال اور بلاجواز حملہ کیا جس کی میں پرزور مذمت کرتا ہوں پاک فوج اور پاک فضائیہ نے بھارتی لڑاکا طیاروں کو کامیابی سے مار گرایا اور ان کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے زیر اہتمام رائزنگ بلوچستان اینڈ یوتھ انویشنز کے عنوان سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بھارت دہشت گردانہ عزائم رکھنے والا ملک ہے جو بلوچستان میں بھی دہشت گرد تنظیموں کو سپورٹ کرتا ہے بلوچستان کے عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری اور مواقعوں کی سرزمین ہے اور یہاں کے قدرتی وسائل ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں اپنی جانب راغب کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ذرائع ابلاغ میں وقت کے ساتھ جدت آئی ہے اور آج کل کے جدید دور میں ڈیجیٹل پریس کا کردار مزید بڑھ گیا ہے انہوں نے نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان سوشل میڈیا کے ذریعے صوبے کے مثبت عکس کو اجاگر کریں اور اپنی توانائیوں کو مثبت اور تعمیری انداز میں صوبے کی تعمیر وترقی اور خوشحالی کے لیے استعمال کریں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بہت جلد ڈیجیٹل میڈیا پالیسی لارہی ہے تاکہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کا صوبے کی تعمیر وترقی اور پیشہ ورانہ استعمال ہو سکے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے کے ڈیولپمنٹ کا بجٹ 200 ارب روپے ہیں جو کہ صوبے کے رقبے کے حساب سے یقیناً قلیل ہیں لیکن موجودہ صوبائی حکومت ڈیولپمنٹ کے لیے مختص تمام صوبائی بجٹ کا بطریق احسن استعمال کررہی ہے اور رواں سال جون تک تمام تر ترقیاتی بجٹ استعمال میں لایا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت آئندہ مالی سال کے بجٹ میں زیادہ سے زیادہ روزگار پیدا کرنے کے لیے خصوصی اقدامات کررہی ہے انہوں نے کہا کہ ہونہار طلباء و طالبات، شہداء اور مزدور کے بچوں کے لیے بے نظیر اسکالرشپ کا آغاز کیا گیا ہے اور صوبائی حکومت نے نوجوانوں کو بیرون ملک روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لئے منصوبے بھی شروع کیے ہیں جن پر بھرپور انداز سے عمل درآمد جاری ہے انہوں نے کہا کہ اخوت کے اشتراک نوجوانوں اپنا کاروبار شروع کرنے کے لیے آسان اقساط پر قرضے فراہم کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت صوبے کے نوجوانوں کو فنی اور تکنیکی تعلیم کے فراہمی پر یقین رکھتی ہے جو انکے لئے ملک اور دنیا کے کسی بھی حصے میں روزگار کی فراہمی میں معاون ثابت ہوسکے اس موقع پر تقریب میں موجود طلباء اور طالبات نے وزیر اعلیٰ سے سوالات بھی کیے جن کے وزیر اعلیٰ نے تفصیلی جوابات دیئے قبل ازیں، تقریب سے وائس چیئرمین بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ بلال خان کاکڑ، چیف ایگزیکٹو آفیسر پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی ڈاکٹر فیصل، وائس چانسلر بیوٹمز ڈاکٹر خالد حفیظ سمیت دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا تقریب میں صوبائی مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان مینا مجید، پارلیمانی سیکریٹریز عبدالمجید بادینی اور میر لیاقت لہڑی سمیت دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ ادھر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محکمہ سماجی بہبود، انسداد منشیات اور منشیات کے عادی افراد کی بحالی سے متعلق امور کا جائزہ اجلاس یہاں وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں پارلیمانی سیکریٹری سماجی بہبود ولی محمد نورزئی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکریٹری منصوبہ بندی وترقیات حافظ عبدالباسط، سیکرٹری سماجی بہبود عصمت اللہ قریش، سیکریٹری خزانہ عمران زرکون وزیر اعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری بابر خان اور کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات سمیت اینٹی نارکوٹکس فورس کے حکام نے شرکت کی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ رواں ماہ بلوچستان کو منشیات سے پاک ماہ (ManthFreeDrug) کے طور پر منایا جائے گا وزیر اعلیٰ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ پولیس منشیات کے ہینڈلرز اور اسپلائرز کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائی کریں اور کوئٹہ سٹی نالہ مکمل طور پر منشیات کے عادی افراد سے پاک کیا جائے۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے پارلیمان سیکرٹری میر لیاقت کی قیادت میں مکران کے ٹرانسپورٹرز کا وفد ملاقات کر رہا ہے



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی محکمہ سماجی بہبود اور صوبے میں انسداد منشیات سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 10

روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی: مولانا عبدالکریم

بیاد: جمیل الرحمٰن

چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 76 | جمعرات 08 مئی 2025ء، 10 ذی القعد 1446ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 243

# پاک فوج کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

جو بھی پاکستان کو میلی انکھ سے دیکھے گا اسے بھرپور جواب دیا جائے گا گذشتہ شب بھارت نے پاکستان پر بلا اشتعال اور بلا جواز حملہ کیا جس کی میں پرزور مذمت کرتا ہوں، بلوچستان کے عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، میر سرفراز بگٹی

پاک فوج اور پاک فضائیہ نے بھارتی لڑاکا طیاروں کو کامیابی سے مار گرایا اور ان کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا، بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے زیر اہتمام رائزنگ بلوچستان اینڈ یوتھ انویسٹرز کے عنوان سے منعقدہ تقریب سے خطاب



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بیوٹمز یونیورسٹی کوئٹہ میں بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی میں گذشتہ شب پاکستان پر بھارتی جارحیت کے خلاف مشترکہ مذمتی قرارداد پیش کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاک فوج کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے جو بھی پاکستان کو میلی انکھ سے دیکھے گا اسے بھرپور جواب دیا جائے گا گذشتہ شب بھارت نے پاکستان پر بلا اشتعال اور بلا جواز حملہ کیا (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

جس کی میں پرزور مذمت کرتا ہوں پاک فوج اور پاک فضائیہ نے بھارتی لڑاکا طیاروں کو کامیابی سے مار گرایا اور ان کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے زیر اہتمام رائزنگ بلوچستان اینڈ یوتھ انویسٹرز کے عنوان سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بھارت دہشت گردانہ عزائم رکھنے والا ملک ہے جو بلوچستان میں بھی دہشت گرد تنظیموں کو سپورٹ کرتا ہے بلوچستان کے عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری اور مواقعوں کی سرزمین ہے اور یہاں کے قدرتی وسائل ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں اپنی جانب راغب کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ذرائع ابلاغ میں وقت کے ساتھ جدت آئی ہے اور آج کل کے جدید دور میں ڈیجیٹل پریس کا کردار مزید بڑھ گیا ہے انہوں نے نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان سوشل میڈیا کے ذریعے صوبے کے مثبت عکس کو اجاگر کریں اور اپنی توانائیوں کو مثبت اور تعمیری انداز میں صوبے کی تعمیر وترقی اور خوشحالی کے لیے استعمال کریں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بہت جلد ڈیجیٹل میڈیا پالیسی لا رہی ہے تاکہ سوشل میڈیا پلیٹ فارم کا صوبے کی تعمیر وترقی اور پیشہ ورانہ استعمال ہو سکے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے کے ڈیولپمنٹ کا بجٹ 200 ارب روپے ہیں جو کہ صوبے کے رقبے کے حساب سے یقیناً قلیل ہیں لیکن موجودہ صوبائی حکومت ڈیولپمنٹ کے لیے مختص تمام صوبائی بجٹ کا بطریق احسن استعمال کر رہی ہے اور رواں سال جون تک تمام تر ترقیاتی بجٹ استعمال میں لایا جائے گا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت آئندہ مالی سال کے بجٹ میں زیادہ سے زیادہ روزگار پیدا کرنے کے لیے خصوصی اقدامات کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ ہونہار طلباء وطالبات، شہداء اور مزدور کے بچوں کے لیے بے نظیر اسکالرشپ کا آغاز کیا گیا ہے اور صوبائی حکومت نے نوجوانوں کو بیرون ملک روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے منصوبے بھی شروع کیے ہیں جن پر بھرپور انداز سے عمل درآمد جاری ہے انہوں نے کہا کہ اخوت کے اشتراک نوجوانوں اپنا کاروبار شروع کرنے کے لیے اسان اقساط پر قرضے فراہم کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت صوبے کے نوجوانوں کو فنی اور تکنیکی تعلیم کے فراہمی پر یقین رکھتی ہے جو ان کے لئے ملک اور دنیا کے کسی بھی حصے میں روزگار کی فراہمی میں معاون ثابت ہو سکے اس موقع پر تقریب میں موجود طلباء اور طالبات نے وزیر اعلیٰ سے سوالات بھی کئے جن کے وزیر اعلیٰ نے تفصیلی جوابات دیے قبل ازیں، تقریب سے وائس چیئرمین بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ بلال خان کاکڑ، چیف ایگزیکٹو آفیسر پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی ڈاکٹر فیصل، وائس چانسلر بیوٹمز ڈاکٹر خالد حفیظ سمیت دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا تقریب میں صوبائی مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان مینا مجید، پارلیمانی سیکریٹریز عبدالمجید بادینی اور میر لیاقت لہڑی سمیت دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Qudrat Quetta

روزنامہ قدرت کوئٹہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے — چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

Bullet No. 1 — Page No. 11

جلد 21 — جمعرات 08 مئی 2025، 10 ذی القعد 1446ھ — شمارہ 29

# پاک فوج کسی بھی جارحیت کا موثر جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے، سرفراز بگٹی

پاکستان کو میلی آنکھ سے دیکھے گا اسے بھرپور جواب دیا جائے گا گذشتہ شب بھارت نے پاکستان پر بلا اشتعال اور بلا جواز حملہ کیا جس کی میں پرزور مذمت کرتا ہوں

صوبے کے ڈیولپمنٹ کا بجٹ 200 ارب روپے ہیں جو کہ صوبے کے رقبے کے حساب سے یقیناً قلیل ہیں لیکن موجودہ صوبائی حکومت ڈیولپمنٹ کے لیا مختص تمام صوبائی بجٹ کا بطریق احسن استعمال کر رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاک فوج کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے جو بھی پاکستان کو میلی آنکھ سے دیکھے گا بقیہ 11 صفحہ 6 پر

اسے بھرپور جواب دیا جائے گا گذشتہ شب بھارت نے پاکستان پر بلا اشتعال اور بلا جواز حملہ کیا جس کی میں پرزور مذمت کرتا ہوں پاک فوج اور پاک فضائیہ نے بھارتی لڑاکا طیاروں کو کامیابی سے مار گرایا اور ان کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے زیر اہتمام رائزنگ بلوچستان اینڈ یوتھ انویسٹرز کے عنوان سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بھارت دہشت گردانہ عزائم رکھنے والا ملک ہے جو بلوچستان میں بھی دہشت گرد تنظیموں کو سپورٹ کرتا ہے بلوچستان کے عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری اور مواقعوں کی سرزمین ہے اور یہاں کے قدرتی وسائل ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں اپنی جانب راغب کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ذرائع ابلاغ میں وقت کے ساتھ جدت آئی ہے اور آج کل کے جدید دور میں ڈیجیٹل پریس کا کردار مزید بڑھ گیا ہے۔



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بیوٹمز یونیورسٹی میں بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی بھارتی جارحیت کیخلاف بلوچستان اسمبلی اجلاس میں مذمتی قرارداد پیش کر رہے ہیں

CamScanner

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED | بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

جلد 28 | جمعرات 8 مئی 2025ء | 10 ذیقعد 1446ھ | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 10 روپے | MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ سی پی ایل-10 | شمارہ 81

# بھارت بلوچستان میں دہشتگرد تنظیموں کو سپورٹ کرتا ہے

## سرفراز بگٹی

### پاک فوج اور پاک فضائیہ نے بھارتی لڑاکا طیاروں کو کامیابی سے مار گرایا، بلوچستان کے عوام شانہ بشانہ کھڑے ہیں

### صوبائی حکومت بہت جلد ڈیجیٹل میڈیا پالیسی لا رہی، بجٹ میں زیادہ سے زیادہ روزگار پیدا کرنے کے لیے خصوصی اقدامات کریں گے، خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاک فوج کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے جو بھی پاکستان کو میلی آنکھ سے دیکھے گا اسے بھرپور جواب دیا جائے گا گذشتہ شب بھارت نے پاکستان پر بلا اشتعال اور بلا جواز حملہ کیا جس کی میں پرزور مذمت کرتا ہوں پاک فوج اور پاک فضائیہ نے بھارتی لڑاکا طیاروں کو کامیابی سے مار گرایا اور ان کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے زیر اہتمام رائزنگ بلوچستان اینڈ یوتھ انویشنز کے عنوان سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بھارت دہشت گردانہ عزائم رکھنے والا ملک ہے جو بلوچستان میں بھی دہشت گرد تنظیموں کو سپورٹ کرتا ہے بلوچستان کے عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری اور مواقعوں کی سرزمین ہے اور یہاں کے قدرتی وسائل ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں اپنی جانب راغب کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ذرائع ابلاغ میں وقت کے ساتھ جدت آئی ہے اور آج کل کے جدید دور میں ڈیجیٹل پریس کا کردار مزید بڑھ گیا ہے انہوں نے نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان سوشل میڈیا کے ذریعے صوبے کے مثبت عکس کو اجاگر کریں اور اپنی توانائیوں کو مثبت اور تعمیری انداز میں صوبے کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی کے لیے استعمال کریں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بہت جلد ڈیجیٹل میڈیا پالیسی لا رہی ہے تاکہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کا صوبے کی تعمیر و ترقی اور پیشہ ورانہ استعمال ہو سکے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے کے ڈیولپمنٹ کا بجٹ 200 ارب روپے ہیں جو کہ صوبے کے رقبے کے حساب سے یقیناً قلیل ہیں لیکن موجودہ صوبائی حکومت ڈیولپمنٹ کے لیے مختص تمام صوبائی بجٹ کا بطریق احسن استعمال کر رہی ہے اور رواں سال جون تک تمام ترقیاتی بجٹ استعمال میں لایا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت آئندہ مالی سال کے بجٹ میں زیادہ سے زیادہ روزگار پیدا کرنے کے لیے خصوصی اقدامات کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ ہونہار طلباء وطالبات، شہداء اور مزدور کے بچوں کے لیے بے نظیر اسکالرشپ کا آغاز کیا گیا ہے اور صوبائی حکومت نے نوجوانوں کو بیرون ملک روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لئے منصوبے بھی شروع کیے ہیں جن پر بھرپور انداز سے عمل درآمد جاری ہے انہوں نے کہا کہ اخوت کے اشتراک نوجوانوں اپنا کاروبار شروع کرنے کے لیے اسان اقساط پر قرضے فراہم کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت صوبے کے نوجوانوں کو فنی اور تکنیکی تعلیم کے فراہمی پر یقین رکھتی ہے جو انکے لئے ملک اور دنیا کے کسی بھی حصے میں روزگار کی فراہمی میں معاون ثابت ہو سکے اس موقع پر تقریب میں موجود طلباء اور طالبات نے وزیراعلیٰ سے سوالات بھی کیے جن کے وزیراعلیٰ نے تفصیلی جوابات دیئے قبل ازیں، تقریب سے وائس چیئرمین بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ بلال خان کاکڑ، چیف ایگزیکٹو آفیسر پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی ڈاکٹر فیصل، وائس چانسلر بیوٹمز ڈاکٹر خالد حفیظ سمیت دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا تقریب میں صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید، پارلیمانی سیکریٹری عبدالمجید بادینی اور میر لیاقت لہڑی سمیت دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی میں بھارتی جارحیت کیخلاف مشترکہ مذمتی قرارداد پیش کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

Balochistan T

times.pk

antimes.pk

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1092 QUETTA Thursday May 08, 2025

# Bugti orders daily crackdown on drug dealers as Balochistan declares May as 'Drug-Free Month'

## CM condemns Indian missile strikes, hails Pakistan's strong response

**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan government has decided to observe May as drug-free month and in this regard, Chief Minister Mir Sarfraz Bugti ordered to launch crackdown against the drugs mafia on daily basis across the province.

A high-level meeting chaired by Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti was held at the Chief Minister's Secretariat to review matters related to the Department of Social Welfare, Anti-Narcotics efforts, and the rehabilitation of drug addicts.

The meeting was attended by Parliamentary Secretary for Social Welfare Wali Muhammad Noorzai, Chief Secretary Balochistan Shakeel Qadir Khan, Additional Chief Secretary for Planning and Development Hafiz Abdul Basit, Secretary Social Welfare Ismatullah Qureshi, Secretary Finance Imran Zarkoon, Principal Secretary to the CM Babar Khan, Commissioner Quetta Division Hamza Shafqat and officials from the Anti-Narcotics Force. It was decided that the month of May will be observed as "Drug-Free Month" across Balochistan. The Chief Minister directed law enforcement agencies to conduct daily operations against drug handlers and suppliers. He also emphasized that Quetta's city drains must be completely cleared of drug addicts.

Bugti instructed that the Anti-Narcotics Force-run rehabilitation center should treat as many addicts as possible. The meeting further resolved that several inactive government buildings will be handed over to the Social Welfare Department to be used as rehabilitation centers. The chief minister directed the Social Welfare Department to enhance its capacity and broaden its rehabilitation efforts, with a performance report to be submitted within 15 days.

"Our goal is not merely to construct buildings but to use them effectively for the public good. We aim to free our youth from the menace of drugs and are committed to building a healthy and constructive society free from this curse", the chief minister said.

Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has strongly condemned the Indian missile attacks, calling them an act of blatant aggression aimed at destabilizing regional peace.

In a statement issued here, Bugti said the missile strikes by India are a clear act of hostility and a deliberate attempt to sabotage regional stability. "India's war frenzy is pushing South Asia towards destruction," he warned.

"The people of Balochistan stand shoulder to shoulder with our brave military and are ready to give a befitting response to the enemy," he said. Bugti urged the international community to take immediate notice of India's blatant violations and aggressive posturing. "We are advocates of peace, but not weak," he asserted.

He praised the Pakistan Armed Forces for their preparedness, saying, "Our military has the full capability to respond to any form of aggression and they are doing so."

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

Dated 08 MAY 2025

Page No. 14



**QUETTA:** Chief Minister Mir Sarfraz Bugti presiding over a meeting to review matters related to Department of Social Welfare, Anti-Narcotics efforts, and the rehabilitation of drug addicts on Wednesday.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated 08 MAY 2025

Page No. 18


## طیارے گرانے پر افواج کو سلام پیش کرتے ہیں، شعیب نوشیروانی

**بھارت دہشت گرد ملک ہے جنگی جنون کو خاک میں ملا دیں گے، صوبائی وزیر کا بیان**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے بھارت کی جارحیت مساجد اور سول آبادی پر حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی جارحیت کے خلاف قوم پاک فوج کے ساتھ کھڑی ہیں بھارتی جنگی طیارے گرانے پر پوری قوم مسلح افواج کو سلام پیش کرتی ہے ہماری افواج بھارتی بزدلانہ حملوں کے جواب دینے کے لیے تیار ہے اور بھارتی جنگی جنون کو خاک میں ملا دیں گے انہوں نے کہا کہ بھارت ایک عالمی دہشت گرد ملک ہے ان کے تمام ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعلقات کشیدہ ہیں بھارت نصف صدی سے نہتے کشمیریوں پر ظلم کر رہا ہے۔

## پاک افواج کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں پر قوم کو ناز ہے، صادق عمرانی

**رات کے اندھیرے میں نہتے لوگوں پر حملے نے بھارت کو بے نقاب کر دیا، سینئر وزیر**

کوئٹہ (خ ن) سینئر صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی نے بھارتی حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نہتے لوگوں پر رات کے اندھیرے میں حملے نے بھارتی جنگی جنون کا پول کھول دیا بھارت جنگی جرائم میں مبتلا نصف صدی سے زائد عرصہ سے مظلوم کشمیری عوام پر ظلم و ستم کے جو پہاڑ توڑ رہا ہے وہ دنیا کے سامنے عیاں ہے پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر نے کہا کہ ہندوستان پہلگام حملوں کو جواز بنا کر پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کیلئے حملے کر رہا ہے مگر بہادر افواج کے چاک و چوبند دستوں نے جس مستعدی سے دشمن فوج کے ملٹری تنصیبات کو نشانہ بنا کر منہ توڑ جواب دیا ہمیں افواج پاکستان کے پیشہ وارانہ صلاحیتوں پر ناز ہے۔

## دشمن کو بھرپور جواب دینے کیلئے قوم متحد ہے، نوابزادہ خالد مگسی

**بھارت کا شہری آبادی کو نشانہ بنانا عالمی قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہے، وفاقی وزیر کا بیان**

اسلام آباد (پ ر) وفاقی وزیر برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی نوابزادہ خالد حسین خان مگسی نے بھارتی جارحیت کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہری آبادی کو نشانہ بنانا بین الاقوامی قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہے پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے قوم اور افواج ایک پیج پر ہیں بھارت کی بزدلانہ کارروائیاں خطے کے امن کیلئے خطرہ ہیں قوم اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے دشمن کو بھرپور جواب دینے کیلئے قوم متحد ہے۔

## پاک افواج نے موثر کارروائی کر کے بھارتی غرور خاک میں ملا دیا، نور محمد دمڑ

**بھارتی قوم پاک فوج کیساتھ ملک کی حفاظت ایمان کا حصہ ہے، صوبائی وزیر کی بھارتی میزائل حملے کی مذمت**

ہرنائی (نامہ نگار، خ ن) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ نے بھارتی میزائل حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک افواج نے بھرپور جوابی کارروائی کر کے بھارتی غرور و تکبر کو خاک میں ملا کر ثابت کر دیا کہ پاکستان جہاں امن کا داعی ہے وہاں افواج پاکستان جارح کو عبرت ناک سبق سکھانے میں دیر نہیں کرتیں۔ بھارتی افواج نے حسب روایت رات کے اندھیرے میں اپنے ناپاک عزائم کی تکمیل کے لئے بین الاقوامی قوانین کی صریحاً خلاف ورزی کرتے ہوئے آزاد کشمیر و پاکستان پر میزائل داغ کر بے گناہ شہریوں کو شہید و زخمی کیا مسجد اور دینی مدارس کو نشانہ بنایا۔ صوبائی وزیر نے بھارت کی جانب سے پاکستان کے مختلف علاقوں میں اشتعال انگیز کارروائیوں اور حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نہ صرف ایک خود مختار اور ایٹمی طاقت ہے بلکہ اس کی بہادر افواج دنیا کی بہترین افواج میں شمار ہوتی ہیں۔ دشمن کی ہر سازش اور جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم افواج پاکستان پر مکمل اعتماد رکھتی ہے اور ہر فرد چٹان کی طرح اپنے سپاہیوں کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ یہ ملک لاکھوں قربانیوں کے بعد حاصل کیا گیا اور اس کے ایک ایک انچ کی حفاظت ہماری ذمہ داری اور ایمان کا حصہ ہے۔ نور محمد دمڑ نے واضح پیغام دیتے ہوئے کہا کہ اگر دشمن نے دوبارہ کوئی غلطی کی تو پاکستان کی سرزمین سے ایسی للکار سنائی دے گی کہ دشمن کو پچھتاوے کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوگا۔

## پولیو کے خاتمے کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہے ہیں، فیصل خان جمالی

**مہم کے دوران بہترین کارکردگی دکھانے والوں میں اسناد تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب**

استامحمد (خ ن) صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی اور ڈپٹی کمشنر استامحمد ارشد حسین جمالی نے پولیو مہم کے دوران بہترین کارکردگی دکھانے والے ملازمین اور افسران میں تعریفی اسناد تقسیم کیں سردارزادہ فیصل خان جمالی نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو ایک مہلک اور خطرناک مرض ہے جس کے خاتمے کے لیے حکومت سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے یہ ہماری قومی ذمہ داری ہے کہ ہم سب مل کر اس موذی مرض کو جڑ سے ختم کریں یہ تعریفی اسناد آپ کی محنت کا اعتراف ہیں اور یہ آپ کو مستقبل میں بھی لگن سے کام کرنے کی ترغیب دیتے رہیں گے۔ تقریب میں محکمہ صحت، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر استامحمد محمد اسماعیل لاشاری و ضلعی انتظامیہ اور محکمہ لائیو سٹاک کے افسران اور اہلکاروں کی بڑی تعداد میں موجود تھے۔

## بھارت کے ہر بزدلانہ اقدام کا موثر جواب دیا جائیگا، علی حسن زہری

**ہماری سرحدیں محفوظ ہیں قومی سلامتی کیلئے پاک فوج کو جوابی کارروائی کا اختیار دے دیا، صوبائی وزیر**

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر زراعت و کوآپریٹو میر علی حسن زہری نے بھارت کی جانب سے معصوم شہریوں پر بزدلانہ حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ شہریوں اور عبادت گاہوں کو نشانہ بنانا قابل مذمت اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی طیارے گرانے پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، پاک فوج ایک تربیت یافتہ فوج ہے اور اپنے وطن کے چپے چپے کی حفاظت کرنا خوب جانتی ہے۔ ہماری سرحدیں محفوظ ہیں اور بھارت کے ہر بزدلانہ حملے کا دندان شکن جواب دیا جائے گا۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ بھارت کا سامنا بہادر قوم سے ہے جس کی حفاظت بہادر اور انتہائی پیشہ ورانہ پاکستانی افواج کر رہی ہے۔ پاک فوج نے بھارت کی جانب سے رات کے اندھیرے میں بزدلانہ حملے کا موثر جواب دیا اور بھارتی فوج کو بھاری نقصان اٹھا کر دم دبا کر بھاگنے پر مجبور کیا۔ اقوام عالم کے سامنے بھارت کا مکروہ چہرہ بے نقاب ہو چکا ہے، بھارت کے خود ساختہ پہلگام واقعے اور اس کے مذموم عزائم کھل کر سامنے آ گئے ہیں۔ انہوں نے بزدلانہ حملوں میں بے گناہ افراد کی شہادت پر رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔

## پاکستان کی امن کی خواہش کو بھارت کمزوری نہ سمجھے، سردار کھیتران

**بھارتی کارروائی بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی، دوبارہ کوشش پر جواب مزید سخت ہوگا، صوبائی وزیر**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے بھارتی جارحیت پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت کی جانب سے مسجدوں اور عبادت گاہوں کو نشانہ بنانا افسوسناک اور قابل مذمت اقدام ہے، دشمن کی بزدلانہ کارروائیاں نہ صرف بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی بلکہ انسانیت کے خلاف سنگین جرم ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ امن کی بات کی لیکن دشمن کی جارحیت کا موثر اور دندان شکن جواب دینا بھی بخوبی جانتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارت کے پانچ جنگی طیارے مار گرائے جبکہ ایک کا پیکٹ ڈرون بھی تباہ کیا گیا، یہ کارروائی دشمن کو واضح پیغام ہے کہ وطن عزیز کے دفاع میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی طرف سے شہری علاقوں اور عبادت گاہوں کو نشانہ بنانا اس کی گھناؤنی ذہنیت کی عکاسی کرتا ہے، ایسے اقدامات خطے کے امن کو خطرے میں ڈال رہے ہیں۔ سردار کھیتران نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ بھارتی جارحیت اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا فوری نوٹس لے، صوبائی وزیر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، دشمن نے دوبارہ کسی مہم جوئی کی کوشش کی تو اس بار جواب اور بھی سخت ہوگا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 0 8 MAY 2025 Page No. 17


## پاکستان کی سلامتی اور دفاع پر سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، اسپیکر، ڈپٹی اسپیکر

### بھارتی حملہ علاقائی امن کے خلاف کھلی جارحیت، کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا، عبدالخالق اچکزئی

### پاکستان کسی بھی مہم جوئی کا بھرپور جواب دیگا، بلوچستان کے عوام پاک فوج کیساتھ ہیں، غزالہ گولہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے کہا ہے کہ پاکستان پرامن ملک ہے لیکن ملکی سلامتی اور دفاع پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، بھارتی میزائل حملے علاقائی امن کے خلاف کھلی جارحیت ہے، جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ ایسی اشتعال انگیزی خطے میں کشیدگی کو ہوا دے سکتی ہے اور سنگین نتائج کا باعث بن سکتی ہے۔ انہوں نے بھارتی حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کے جنگی عزائم نہ صرف پاکستان بلکہ پورے جنوبی ایشیا کے امن کے لئے خطرہ بن چکے ہیں، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ اور ہر قربانی کے لئے تیار ہیں۔ ادھر ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ نے کہا ہے کہ بھارتی میزائل حملے اشتعال انگیزی کی بدترین مثال ہیں، پاکستان کسی بھی مہم جوئی کا بھرپور جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے، امن کی خواہش کو ہماری کمزوری سمجھنا بھارت کی بھول ہے، بلوچستان کے عوام دفاع وطن میں افواج پاکستان کے ساتھ ہیں، بھارتی حملے کی مذمت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت کا جارحانہ رویہ علاقائی سلامتی کو داؤ پر لگا رہا ہے۔

## عوامی مسائل کے حل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لارہے ہیں، ڈپٹی کمشنر جعفر آباد

### تعلیم، صحت، آبنوشی، بجلی، گیس سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی پر سمجھوتہ نہیں کریں گے، اظہر شہزاد کی شرکا سے گفتگو

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد اظہر شہزاد نے کہا ہے کہ شہری مسائل کے حل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیر اعلیٰ اور چیف سیکرٹری کی ہدایت پر کھلی کچہری کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہر شہری کو مساوی حقوق حاصل ہیں ان کی جمع کی گئی درخواستوں پر میرٹ پر فیصلے کررہے ہیں صوبائی حکومت عوام کو تمام شعبوں میں سہولیات کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم، صحت، امن وامان کا قیام پینے کے صاف پانی بجلی گیس اور اشیائے خوردونوش کی سرکاری نرخوں پر فراہمی ہماری اولین ترجیحات ہے اور اس پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ لوکل سرٹیفکیٹ کے اجراء اور قومی شناختی کارڈ کے حصول کے عمل کو آسان بنایا جائے گا تاکہ یہاں کے عوام کو غیر ضروری مشکلات سے بچایا جاسکے انہوں نے کہا کہ ضلع میں امن وامان کی صورتحال کی بہتری اور جرائم پیشہ عناصر کی خاتمہ کے لیے ہر شہری کو اپنا کلیدی کردار ادا کرنا ہوگا انہوں نے تمام ضلعی افسران کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ عوامی شکایات کا فوری ازالہ کرنے کے لیے اقدامات کریں کیونکہ کھلی کچہری عوامی مسائل کے فوری حل کا ایک موثر ذریعہ ہے کھلی کچہری میں ایکسین کیسکو نصیر آباد ڈویژن وریام کھوسہ ایف سی 114 ونگ کے کرنل رضوان طیب اسسٹنٹ کمشنر سمیت مختلف سرکاری محکموں کے افسران نے شرکت کی کئی درخواستوں پر موقع پر ہی احکامات جاری کیے گئے۔

## الیکشن کمیشن کا چوتھا اسٹریٹجک پلان سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، صوبائی الیکشن کمشنر

### پاکستان کے انتخابی عمل میں مزید شفافیت اور مضبوطی آئے گی، علی اصغر سیال کا افسران سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کا چوتھا اسٹریٹجک پلان سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ بات انہوں نے الیکشن کمیشن کے صوبائی ہیڈ کوارٹر میں دو روزہ تربیتی ورکشاپ کے اختتام پر افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن کا چوتھا اسٹریٹجک پلان انتہائی اہم دستاویز ہے امید ہے اس کی بنیاد پر کمیشن بحیثیت ادارہ مزید ترقی کرے گا اور پاکستان کے انتخابی عمل میں مزید شفافیت اور مضبوطی آئے گی۔ انہوں نے تمام افسران پر زور دیا کہ وہ ایک ٹیم کی طرح کام کریں اور اپنے ادارے کی ترقی کیلئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ میری کوشش ہوگی کہ ہمارا صوبہ کسی بھی طرح باقی صوبوں سے پیچھے نہ رہے۔


MASHRIQ QUETTA


## بے قاعدگیوں پر شفیق احمد خان ہائی اسکول امتحانی سینٹر کا عملہ معطل

### کنٹرولر امتحانات کی سربراہی میں بورڈ ٹیم نے موبائل فونز اور نقل کی شیٹس برآمد کیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کی کنٹرولر امتحانات عابدہ کاکڑ نے شفیق احمد خان اسکول میں امتحانی سینٹر پر چھاپہ مار کر طلباء سے موبائل فون اور نقل کی شیٹس برآمد کر کے امتحانی سینٹر کے عملے کو معطل ......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کردیا۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کو کنٹرولر امتحانات عابدہ کاکڑ نے اچانک شفیق احمد خان اسکول کے امتحانی سینٹر پر چھاپہ مار کر طلباء سے 10 موبائل فون اور نقل کی شیٹس برآمد کرلی۔ انہوں نے نقل نہ روکنے پر فوری طور پر کارروائی کرتے ہوئے امتحانی عملے کو معطل کردیا۔ کنٹرولر امتحانات عابدہ کاکڑ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں امتحانات میں نقل کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات اٹھائے گئے ہیں اور کسی بھی طالب علم کو نقل کی اجازت نہیں دی جائے گی جو بھی طالب علم نقل میں ملوث پایا گیا اسکے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

## بلوچستان میں کانگو وائرس سے بچاؤ کیلئے آگاہی مہم شروع

### ڈاکٹر آصف شاہوانی کی زیر صدارت اجلاس میں روک تھام کیلئے اہم فیصلے کیے گئے

### مویشی منڈیوں، ڈیری فارمز میں جراثیم کش اسپرے کا عمل شروع کیا جائے گا، خطاب

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز ڈاکٹر فہیم مندوخیل کی ہدایت پر، ڈائریکٹر ہیلتھ ایجوکیشن سیل ڈاکٹر آصف شاہوانی نے کانگو وائرس کی روک تھام کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈاکٹر آصف شاہوانی نے......... بقیہ 89 صفحہ نمبر 7 پر

اجلاس میں کہا کہ کانگو وائرس سے بچاؤ کے لیے آگاہی مہم کا آغاز کیا جائے گا۔ اس مہم کے تحت عوامی مقامات پر اعلانات کیے جائیں گے، لائیو اسٹاک کی جانب سے جانوروں کو چیچڑ مار ادویات کا اسپرے کیا جائے گا، اور آگاہی پیغامات پر مشتمل بل بورڈز اور رکشوں پر پیغامات آویزاں کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ، مویشی منڈیوں میں اسپرے اور ویکسی نیشن کی مہم کا آغاز کیا جائے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 08 MAY 2025

Page No. 18


## انسداد پولیو مہم کے دوران فول پروف سیکورٹی فراہم کرینگے، ڈپٹی کمشنر

### کوئٹہ گوہر آباد، چلتن 1، چلتن 2، زرغون آباد اور پیچی بیگ میں پولیو کوریج کم رہی ہے، سعد بن اسد

### متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز مہم کی کامیابی کے لیے مکمل تعاون فراہم کریں، جائزہ اجلاس میں بات چیت

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کی زیر صدارت کوئٹہ میں 26 مئی سے یکم جون 2025ء تک جاری رہنے والی انسداد پولیو مہم کے حوالے سے ایک اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اجلاس میں ڈی ایچ او کوئٹہ، اسسٹنٹ کمشنر سریاب، اسسٹنٹ کمشنر سٹی، ڈویژنل کوآرڈینیٹر، ٹیکنیکل اسٹاف، اور تمام کمیونٹی بیسڈ آرگنائزیشنز (CBOs) کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں آئندہ پولیو کمپین کی مکمل حکمت عملی پر تفصیلی غور کیا گیا، بالخصوص ان علاقوں پر توجہ مرکوز کی گئی جہاں پولیو کوریج کم رہی ہے۔ ان علاقوں میں گوہر آباد، چلتن 1، چلتن 2، زرغون آباد اور پیچی بیگ شامل ہیں۔ ان علاقوں کے بارے میں شرکاء کو بریفنگ دی گئی اور مسائل کا حل تلاش کرنے پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے ہدایات جاری کیں کہ ان کمزور علاقوں میں بہترین ٹیمیں تعینات کی جائیں تاکہ مہم کے دوران کوئی بچہ پولیو کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز کو بھی تاکید کی کہ وہ مہم کی کامیابی کے لیے مکمل تعاون فراہم کریں۔ اجلاس میں سیکیورٹی انتظامات پر بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی، اور بتایا گیا کہ سیکیورٹی پلان فول پروف ہوگا تاکہ پولیو ٹیموں کو ہر ممکن تحفظ فراہم کیا جاسکے۔

## جنگلات اور جنگلی حیات کا تحفظ ہر فرد کی ذمہ داری ہے، عبدالفتح بھنگر

### موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے جنگلات کی حفاظت اور زیادہ درخت لگانا وقت کی اہم ضرورت ہے

### کمیونٹی ڈویلپمنٹ اور سوشل موبیلائزیشن کیلئے سول سوسائٹی کے تعاون کی اہمیت سے انکار نہیں، گفتگو

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری محکمہ جنگلات و جنگلی حیات عبدالفتح بھنگر کی زیر صدارت گزشتہ روز اجلاس ہوا جس میں سول سوسائٹی محکمہ جنگلات و جنگلی حیات کے چیف کنزرویٹر ساؤتھ اسلم بزدار، کنزرویٹر کوئٹہ سول ڈویژن محمد نیاز کاکڑ، بی ڈی یو جی پی پی وائلڈ لائف سیف اللہ زہری، سید عبدالجمیل آغا، نصراللہ مندوخیل جبکہ غیر سرکاری تنظیموں میں بی آر ایس پی طاہر رشید، ترقی فاؤنڈیشن کے عیسیٰ خان کاکڑ، ولیس کے پرویز اقبال، نیچ کے قربان غرشین، عرفان اعوان، وطن یار خلجی، ویمن بریکنگ بیریئر کی صدف، ہما و دیگر ارگنائزیشنز کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد سوشل موبیلائزیشن، کمیونٹی ڈویلپمنٹ کیلئے سول سوسائٹی اور این جی اوز کا تعاون اور شمولیت تھا۔ اجلاس میں دیگر مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اور کمیونٹی ڈویلپمنٹ اور سوشل موبیلائزیشن کیلئے سول سوسائٹی کے تعاون پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں سیکرٹری عبدالفتح بھنگر کی جانب سے فیصلہ کیا گیا کہ سول سوسائٹی پر مشتمل ایک نیٹ ورک بنایا جائے گا جس کا ہر ماہ اجلاس منعقد ہوگا اور اجلاس کے فیصلوں پر عملدرآمد کرکے سوشل موبیلائزیشن اور کمیونٹی ڈویلپمنٹ کیلئے بھرپور اقدامات کیے جائیںگے


Century Express Quetta


## ڈی سی کوئٹہ کی قیادت میں بھارتی حملوں کیخلاف ریلی

### عوام و افواج ہر جارحیت کا جواب دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں، سعد بن اسد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بھارت کی جانب سے پاکستان کے عام شہریوں پر کیے گئے حملے کیخلاف ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کی قیادت میں ڈپٹی کمشنر آفس سے ریلی نکالی گئی ریلی میں سول سوسائٹی، طلباء، تاجر اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد شریک ہوئے ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھار کھے تھے جن پر بھارت مخالف نعرے اور افواج پاکستان کے حق میں تحریریں درج تھیں۔ ڈپٹی کمشنر سعد بن اسد نے ریلی کے شرکاء (باقی صفحہ 5 نمبر 17)

سے خطاب میں بھارتی جارحیت کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے عوام اور افواج ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں انہوں نے کہا کہ عام شہریوں کو نشانہ بنانا انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہے عالمی برادری کو اس کا فوری نوٹس لینا چاہیے۔


INTEKHAB QUETTA


## پولیو مہم، کمزور علاقوں میں بہترین ٹیمیں تعینات کی جائیں، ڈی سی کوئٹہ

### متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز مہم کی کامیابی کیلئے مکمل تعاون فراہم کریں، اجلاس میں تاکید

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کی زیر صدارت کوئٹہ میں 26 مئی سے یکم جون 2025ء تک جاری رہنے والی انسداد پولیو مہم کے حوالے سے ایک اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اجلاس میں ڈی ایچ او کوئٹہ، اسسٹنٹ کمشنر سریاب، اسسٹنٹ کمشنر سٹی، ڈویژنل کوآرڈینیٹر، ٹیکنیکل اسٹاف، اور تمام کمیونٹی بیسڈ آرگنائزیشنز (CBOs) کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں آئندہ پولیو کمپین کی مکمل حکمت عملی پر تفصیلی غور کیا گیا، بالخصوص ان علاقوں پر توجہ مرکوز کی گئی جہاں پولیو کوریج بقیہ نمبر 9 صفحہ 5 پر

کم رہی ہے۔ ان علاقوں میں گوہر آباد، چلتن 1، چلتن 2، زرغون آباد اور پیچی بیگ شامل ہیں۔ ان علاقوں کے بارے میں شرکاء کو بریفنگ دی گئی اور مسائل کا حل تلاش کرنے پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے ہدایات جاری کیں کہ ان کمزور علاقوں میں بہترین ٹیمیں تعینات کی جائیں تاکہ مہم کے دوران کوئی بچہ پولیو کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز کو بھی تاکید کی کہ وہ مہم کی کامیابی کے لیے مکمل تعاون فراہم کریں۔ اجلاس میں سیکیورٹی انتظامات پر بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی، اور بتایا گیا کہ سیکیورٹی پلان فول پروف ہوگا تاکہ پولیو ٹیموں کو ہر ممکن تحفظ فراہم کیا جاسکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 08 MAY 2025 Page No. 19

## پاک فوج نے دشمن کے عزائم خاک میں ملا دیئے، مولانا عبدالواسع

### بھارت نے تاریخ کی وہی پرانی، احمقانہ غلطی دہرائی، سازش بے نقاب، ہر چال ناکام ہوگئی، ردعمل

کوئٹہ (آن لائن) امیر جمعیت علما اسلام بلوچستان و سینیٹر مولانا عبدالواسع نے بھارتی جارحیت پر دوٹوک اور غیر مبہم ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت نے تاریخ کی وہی پرانی، احمقانہ اور حماقت آلود غلطی دہرائی رات کی تاریکی میں بزدلانہ حملہ کر کے یہ سمجھا کہ پاکستانی سپوت خواب غفلت میں ہوں گے لیکن جب پاک افواج نے برق رفتاری، بے مثال مہارت، غیر متزلزل عزم اور جذبہ ایمانی کے ساتھ دشمن کو دندان شکن جواب دیا تو دشمن پر منکشف ہوا کہ یہ قوم جاگ رہی ہے اس کے سپاہی بیدار اور اس کے پیچھے ماں بہنوں کی دعائیں اور شہدا کے لہو کا تقدس ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ شب جو عظمت و غیرت افواج پاکستان نے دکھائی وہ صرف پاکستان ہی نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ کے لیے لمحہ فخر ہے۔ اہل فلسطین، غزہ کی گلیوں میں پتھر اٹھائے وہ بچے بھی آج خود کو تنہا نہیں سمجھیں گے ان کے حوصلے کو ایک نئی جہت ملی ہے۔ یہ وہ ردعمل تھا جو نہ صرف عسکری قوت کا مظہر تھا بلکہ جذبہ ایمانی، حب وطن کے جذبے اور شہدا کی امانت کا عملی ترجمان بھی تھا۔ سینیٹر عبدالواسع نے کہا کہ دشمن کے ہر مزموم عزائم خاک میں ملا دیئے گئے، ہر چال ناکام ہوئی، ہر سازش بے نقاب ہوئی اور ہر منصوبہ ریت کی دیوار ثابت ہوا۔ دشمن یہ سمجھ لے پاکستان زمین کا ایک ٹکڑا نہیں بلکہ ایک مضبوط نظریہ ہے۔ اس نظریہ کی بنیاد میں لاکھوں شہدا کا خون شامل ہے، یہ سرزمین قربانیوں کی مہک سے مہکتی ہے۔ انہوں نے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کو "خبطِ عظمت کا مریض" اور "گجرات کا قصائی" قرار دیتے ہوئے کہا کہ مودی محض ایک فرد نہیں بلکہ شدت پسند ذہنیت کا نمائندہ ہے۔

## سرزمین کے دفاع کیلئے ہر قربانی دینے تیار ہیں، نواب جنگیز مری

### بھارتی جارحیت پر پاک افواج کی جوابی کارروائی قابل اطمینان ہے، بیان

کوہلو (نامہ نگار) مری قبیلے کے سربراہ نواب جنگیز خان مری نے بھارت کی جانب سے پاکستان پر حملے، مساجد اور شہری آبادی کو نشانہ بنانے اور معصوم شہریوں کی شہادت کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت نے رات کے اندھیرے میں بزدلانہ انداز میں اشتعال انگیزی کرتے ہوئے نہ صرف بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کی ہے بلکہ انسانی حقوق کو بھی پامال کیا مساجد اور رہائشی علاقوں پر حملے کسی بھی طور قابل قبول نہیں بے گناہ لوگوں پر حملوں کا مقصد پاکستان کو اشتعال دلانا بھی تھا رکن صوبائی اسمبلی نے شہداء کے لواحقین سے ہمدردی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ قوم ان قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی نواب جنگیز مری نے پاک فضائیہ اور پاک فوج کی جانب سے فوری، بھرپور اور مؤثر جوابی کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دشمن کے طیاروں کو مار گرانا اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان کی مسلح افواج ہر قسم کی جارحیت کا بھرپور جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے بھارت کو یہ پیغام دینا ضروری تھا کہ پاکستان کی خودمختاری اور سالمیت پر آنچ آنے کی صورت میں پوری قوم اور فوج متحد ہو کر دشمن کو ناکام بنائے گی بلوچستان کی عوام خصوصاً مری قبیلہ پاک فوج کے ساتھ ہر محاذ پر کھڑا ہے سرزمین کے دفاع کے لیے ہم ہر قربانی دینے کو تیار ہیں انہوں نے اقوام متحدہ اور عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ بھارت کی جانب سے خطے کے امن کو سبوتاژ کرنے کی کوششوں کا سخت نوٹس لیا جائے۔

## ملکی سلامتی کو چیلنج کیا گیا تو منہ توڑ جواب دیا جائیگا، جمعیت

### مسلح افواج کیساتھ ہیں، 15 مئی کو مودی اور اسرائیل مردہ باد ملین مارچ ہوگا، مولانا شرودی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا حافظ حسین احمد شرودی مولانا سعید احمد مولانا مفتی عبد الباقی بڑیچ مولانا محمد عثمان پرکانی مولانا قاری نظر محمد حقانی مولانا احمد جان ساسولی مولانا عبدالمجید مولانا محمد اکبر مینگل مولانا مفتی رضا خان نصیب اللہ آغا امین جان رند حاجی محمد عیسیٰ ملک روزی الدین اور جمعیت طلبہ اسلام ضلع کوئٹہ کے کنوینر حافظ حبیب الرحمن نے کہا ہے کہ 15 مئی کو اب صرف اسرائیل مردہ باد ملین مارچ نہیں بلکہ مودی اور اسرائیل مردہ باد ملین مارچ ہوگا، بلوچستان بھر سے لاکھوں عوام کی شرکت متوقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس نازک صورتحال میں ہم پاکستان کے خلاف بھارتی جارحیت کے مذموم عزائم کی بھی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، مودی کو پاکستانی قوم اور پاک فوج تاریخی سبق سکھائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک ایٹمی قوت ہے اور اپنی سرحدوں کی حفاظت کرنا جانتا ہے۔ کسی کو یہ غلط فہمی نہیں ہونی چاہئے کہ پاکستان لاوارث ہے اور کوئی بھی اس پر چڑھائی کرلے اگر کسی نے بھی ہماری سلامتی کو چیلنج کرنے کی کوشش کی تو اسے منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام اپنی بہادر مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور وطن عزیز کی ایک ایک انچ کا دفاع کرنے کے لئے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں۔

## بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے حالیہ نتائج قبول نہیں، پشتونخوا نیپ

### بے قاعدگیوں کا ازالہ اور جوڈیشل کمیشن قائم نہ کیا گیا تو قانونی چارہ جوئی اور احتجاج کا حق محفوظ ہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی بیان میں صوبائی پبلک سروس کمیشن کے حالیہ پی سی ایس امتحانات کے نتائج میں فارم 47 کی صوبائی حکومت کی مداخلت کی وجہ سے سامنے آنے والی سنگین بے قاعدگیوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ امتحانات کے تحت اسسٹنٹ کمشنر، سیکشن آفیسر اور ڈی ایس پی کی اسامیوں پر مختلف ڈویژنوں سے امیدواروں نے امتحانات پاس کئے، مگر ان کے نتائج میں کی گئی بے ضابطگیاں ایک اہم اور سنجیدہ مسئلہ بن چکی ہیں۔ بیان میں واضح کیا گیا کہ بالخصوص ژوب ڈویژن سے اوپن میرٹ پر ایک بھی امیدوار کامیاب قرار نہیں دیا گیا جبکہ کوئٹہ اور سبی ڈویژن میں اوپن میرٹ کی نشستوں میں سے صرف ایک ایک پر پشتون امیدوار کو کامیاب کرنا عدم توازن اور تعصب کی نشاندہی کرتا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ پبلک سروس کمیشن کے قواعد کے مطابق جو امیدوار جس پوسٹ کے لئے درخواست دیتا ہے اسے اسی پوسٹ پر کامیاب قرار دیا جانا چاہئے تاہم حالیہ نتائج میں ایسے امیدواروں کو اسسٹنٹ کمشنر کی بجائے سیکشن آفیسر کی نشستوں پر کامیاب قرار دیا گیا اور کچھ امیدواروں کو ان ڈویژنوں کی نشستوں پر تعینات کر دیا گیا جہاں سے ان کا کوئی تعلق نہیں تھا۔ بیان میں کہا گیا کہ پبلک سروس کمیشن کے حالیہ نتائج عوام بالخصوص پشتون امیدواروں کے لئے ناقابل قبول ہیں، اگر ان بے قاعدگیوں کا ازالہ نہ کیا گیا اور جوڈیشل کمیشن قائم نہ کیا گیا تو پشتونخوا نیپ اپنے عوام کی تائید اور حمایت سے قانونی چارہ جوئی اور احتجاج کا راستہ اختیار کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

## پاک فوج کا جواب بھارت ہمیشہ یاد رکھے گا، نواب ثناء اللہ زہری

### رات کی تاریکی میں مساجد اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ عمل ہے، پیغام

کوئٹہ (این این آئی) پیپلز پارٹی کے رہنما چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے کہا ہے کہ بھارتی فوج نے رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنایا بھارتی کی جانب سے ایئر اسٹرائیک نہیں بلکہ بزدلانہ عمل ہے سابق وزیر اعلیٰ نے سوشل میڈیا پیغام میں کہا کہ بھارتی فوج کی جانب سے سب سے پہلے ایک مسجد کو نشانہ بنایا گیا جو انتہائی افسوسناک عمل ہے پاک فوج نے بھارت کو ایسا جواب دیا ہے جو وہ ہمیشہ یاد رکھے گا بھارتی طیارے گرانے اور عسکری چیک پوسٹوں کو نشانہ بنانے پر پاک افواج کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے قوم متحد ہے ملکی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا پوری قوم ملک کے دفاع کیلئے پاک فوج کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑی ہے انہوں نے حملوں میں 26 بے گناہ افراد کی شہادت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہدا کے خاندان سے اظہار ہمدردی کی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 08 MAY 2025

Page No. 20

## پاک افواج کا بھارت کو بروقت جواب قابل تحسین ہے، صادق سنجرانی

### مودی کا سیاسی مقاصد کے لئے جنگی جنون خطے کے لیے خطرہ ہے، رکن صوبائی اسمبلی

اسلام آباد (خ ن) رکن بلوچستان اسمبلی صادق سنجرانی نے بھارت کی جانب سے معصوم شہریوں اور مساجد کو نشانہ بنانے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بزدل دشمن کو بروقت جواب دیکر پاک افواج نے ملکی دفاع کو ہمیشہ کی طرح ناقابل شکست بنایا انہوں نے بھارت کیخلاف کارروائی پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مودی کا سیاسی مقاصد کے لئے جنگی جنون خطے کے لیے خطرہ ہے مودی کا ہندوتوا نظریہ ہندوستان کو دیمک کی طرح ختم کر رہا ہے۔

## ملکی خودمختاری اور سالمیت پر سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، انجینئر زمرک

### اے این پی باچا خان کے فلسفے پر کاربند، خطے میں امن و استحکام بامعنی مذاکرات کے ذریعے ہی ممکن ہے، بیان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے بھارت کی جانب سے گزشتہ شب پاکستان پر بلااشتعال حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے واقعے میں بے گناہ شہریوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں امن و استحکام صرف بات چیت اور بامعنی مذاکرات کے ذریعے ہی ممکن ہے، عوامی نیشنل پارٹی باچا خان کے فلسفے پر کاربند ہے اور تمام تر مسائل کو پرامن طریقے سے حل کرنا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی خودمختاری اور سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، بھارتی جارحیت کے بعد پاکستان کا دفاع اس کا حق ہے۔

## پاک افواج نے بھارت کو دندان شکن جواب دیا، میر شفیق الرحمن مینگل

### پاکستان کا بچہ بچہ وطن عزیز کے دفاع میں جان لڑانے کو تیار ہے، سربراہ جھالاوان عوامی پینل

کوئٹہ (این این آئی) جھالاوان عوامی پینل کے سربراہ میر شفیق الرحمن مینگل نے کہا ہے کہ پاکستان اللہ رب العزت کی عظیم نعمتوں میں سے ہے جو ہر پاکستانی کیلئے مسجد کی طرح محترم اور ہماری سجدہ گاہ ہے بھارت کے پاکستان کے مختلف شہروں میں بلااشتعال بزدلانہ حملوں کا افواج پاکستان نے دندان شکن جواب دیا جو ہر پاکستانی کے قلب کی ترجمانی کی ہے میر شفیق الرحمن مینگل نے بیان میں کہا کہ بھارت کا پاکستان کے مختلف شہروں اور آبادیوں پر بزدلانہ حملے جذبہ جہاد اور شوق شہادت سے لبریز پاکستانیوں کے عزائم اور جذبوں کو کمزور نہیں کر سکتا چھپ کر وار کرنا ہندو بنیے کا وطیرہ رہا ہے بھارتی جارحیت کا شاہینوں نے منہ توڑ جواب دیا ہے پاکستان کی تینوں مسلح افواج دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے کی طاقت رکھتی ہیں انہوں نے کہا کہ بھارت کی مسلمان دشمنی، انتہاپسندی دنیا کے سامنے عیاں ہے ہندوتوا کی بنیاد مسلم دشمنی پر قائم ہے بھارت کی ریاستی دہشت گردی روز اول سے پاکستان کو توڑنے اور کمزور کرنے کیلئے سرگرداں رہی ہے بھارت کسی خوش فہمی میں نہ رہے وہ اگر سمجھتا ہے کہ ایسے بزدلانہ حملے اور بلوچستان میں جاری اپنے گھٹیا منصوبے کو کرایے کے قاتلوں کے ذریعے بڑھائے گا تو ہندو بنیے کی یہ بھول ہے۔

## انڈین دہشت گردی کیخلاف ہم سب متحد ہیں، مولانا ہدایت الرحمن

### حقوق بلوچستان مہم میں طلباء اور نوجوان ہمارے دست و بازو ہیں، علماء کنونشن 11 مئی کو ہوگا

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ انڈین دہشت گردی کے خلاف ہم سب متحد ہیں، ملک کے اندر بھی ظلم و جبر آمریت لاقانونیت کے خلاف ہماری جدوجہد جاری رہے گی، اسلامی جمعیت طلباء کی تعلیمی خدمات روز روشن کی طرح عیاں ہیں، بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم دیکر ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کریں گے، حقوق بلوچستان مہم میں طلباء برادری اور نوجوان ہمارے دست و بازو ہیں، طلباء تعلیم پر توجہ دیں، اسلامی جمعیت طلباء طلباء برادری کی تعلیمی معاونت، خدمت و تربیت کے حوالے سے نرسری کی حیثیت رکھتی ہے، حق دو مہم کے سلسلے میں علماء کنونشن 11 مئی، یوتھ جرگہ 25 مئی کو ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹریٹ کوئٹہ میں اسلامی جمعیت طلباء تربیتی کیمپ میں بلوچستان بھر سے آئے ہوئے طلباء سے خطاب میں کیا۔ سہ روزہ تربیتی کیمپ سے اسلامی جمعیت طلباء بلوچستان کے ناظم بہادر خان کاکڑ، سابق ناظمین مرتضیٰ خان کاکڑ، افتخار احمد کاکڑ، صابر صالح بانیزئی ایڈوکیٹ نے بھی خطاب کیا۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے طلباء کو معیاری تعلیم کی ضرورت ہے، نوجوانوں کو روزگار، صحت مندانہ زندگی گزارنے کی سہولیات کی ضرورت ہے۔ بلوچستان کے تعلیمی اداروں کو معیاری تعلیمی مراکز کے ادارے ہونا چاہیے، ان تعلیمی اداروں کو منشیات، بے راہ روی فحاشی کے اڈے بنانے والے ہمارے خیرخواہ نہیں، ان تعلیمی اداروں کو تباہ کرنے والے وہی ہیں جن کے طلباء تنظیموں نے ان پر قبضہ کیا ہے۔ تعلیمی اداروں میں منشیات کی بہتات نے ہماری نئی نسل کو تباہ کر کے رکھ دیا ہے، اسلامی جمعیت طلباء طلباء کی تعلیم و تربیت اور مدد کیساتھ ان کو برائی منشیات بے راہ روی بے دینی سے روکنے والی ہے۔

## بھارت کا حملہ عالمی قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہے، مولانا حیدری

### پاکستان پرامن ملک ہے خودمختاری اور سلامتی کیلئے کسی بھی حد تک جا سکتے ہیں، بیان

اوستہ محمد (آئی این پی) جمعیت کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری نے بھارت کی جانب سے پاکستان پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم شہریوں کو رات کے اندھیرے میں نشانہ بنانا نہ صرف جارحیت ہے بلکہ عالمی قوانین اور انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہے پاکستان ایک پرامن ملک ہے لیکن اپنی خودمختاری اور عوام کی سلامتی کے تحفظ کے لیے کسی بھی حد تک جا سکتا ہے مولانا حیدری نے کہا کہ قوم کا مورال بلند ہے ہماری افواج ہر طرح کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔

## پاکستان نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا، علی مدد جتک

### شہری آبادی کو نشانہ بنانا عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہے، رکن صوبائی اسمبلی کا بیان

کوئٹہ (پ ر) پیپلز پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ پاکستان نے بھارتی اشتعال انگیزی کا منہ توڑ جواب دیا ہے اور دیتا رہے گا بھارت نے بلااشتعال شہری آبادی کو نشانہ بنا کر نہ صرف بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کی ہے بلکہ اقوام متحدہ کے چارٹر اور پاکستان کی خودمختاری پر حملہ ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنے دفاع کے لیے ہر ممکن اقدام اٹھائے گا پاکستان کی مسلح افواج اپنے مادر وطن کے ایک ایک انچ کے دفاع کے لیے پوری طرح تیار اور اہل ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 08 MAY 2025 Page No. 21

## بلوچستان اسمبلی میں بھارتی جارحیت کیخلاف مذمتی قرارداد منظور

### مسلح افواج نے انڈیا کو منہ توڑ جواب دیا، ارکان

پاکستان نے ہرمحاذ پر بھارت کو شکست دی، قوم کا سر فخر سے بلند ہوگیا، بلوچستان کا بچہ بچہ ملکی دفاع کیلئے تیار ہے، سرفراز بگٹی نے قرارداد پیش کی

**حملے کے ثبوت اقوام متحدہ، او آئی سی اور عالمی برادری کے سامنے رکھے جائیں، بھارت نے شکست تسلیم کرلی، مسلمان متحد ہوجائیں، ارکان کا اظہار خیال**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی میں بھارت کی جانب سے پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور فضائی حدود کی سنگین خلاف ورزی کے خلاف مشترکہ مذمتی قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی گئی، بھارت کا حملہ اس کی بزدلانہ سوچ کی عکاسی ہے، بہادر مسلح افواج نے انڈیا کو منہ توڑ جواب دے کر بھاگنے پر مجبور کیا، پاکستان نے ہر محاذ پر بھارت کو شکست دی، پاک فوج نے جس پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارت کو جواب دیا اس پر پاکستانی قوم کا سر فخر سے بلند ہوا، پاک فوج، سیکورٹی ادارے اور عوام مودی سرکار کو منہ توڑ جواب دینے اور بلوچستان کا بچہ بچہ ملک کے دفاع کیلئے تیار ہے۔ حکومتی و اپوزیشن ارکان نے متفقہ موقف میں کہا کہ وفاقی حکومت بھارت کی جانب سے شہری علاقوں پر بلاوجہ حملے کے ثبوت فوری طور پر اقوام متحدہ، او آئی سی اور عالمی برادری کے سامنے رکھے، عالمی برادری بھارت کو دہشت گرد ملک قرار دے کر اس پر پابندیاں عائد کرے۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس بدھ کو پینتالیس منٹ کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت شروع ہوا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایوان گزشتہ شب رات کی تاریکی میں بزدل بھارت کی جانب سے پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور فضائی حدود کی سنگین خلاف ورزی کرتے ہوئے ملک کے مختلف مقامات جن میں مریدکے، احمد پور ایسٹ، مظفرآباد اور کوٹلی میں مساجد، سیالکوٹ کے گاؤں کوٹلی لوہاراں اور شکر گڑھ کے قریب ڈسپنسری پر بلااشتعال بزدلانہ حملے کیے گئے جس کے نتیجے میں معصوم اور نہتے متعدد عام پاکستانی شہری شہید اور زخمی ہوئے ہیں کی مذمت کرتا ہے، یہ کہ بھارت کی جانب سے یہ کارروائی اس کی اندرونی سیاسی مشکلات اور انتہاپسندانہ بیانیے کو علاقائی تناؤ میں رکھنے کی شعوری مذموم کوشش ہے جو بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کے چارٹر اور دوطرفہ معاہدوں کی کھلی خلاف ورزی ہے، مزید برآں یہ حملہ خطے کے امن کو سبوتاژ اور پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی سازش کا حصہ ہے، یہ ایوان پاک افواج کو دشمن کے اس قسم کے بزدلانہ، وحشیانہ، بلااشتعال اور بلاجواز جارحیت کا فوری عمل اور بھرپور منہ توڑ جواب دینے پر خراج تحسین پیش کرتا ہے جنہوں نے نہایت ہی پیشہ ورانہ مہارت سے دشمن کی جارحیت کو ناکام بنایا جس کی بدولت دشمن کے کئی قیمتی جنگی طیارے مار گرائے گئے اور لائن آف کنٹرول پر متعدد پوسٹیں تباہ کیں، یہ ایوان اور بلوچستان کے عوام مادر وطن کے چپے چپے کی حفاظت کے لئے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں اور اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، واضح رہے کہ پاکستان ایک پرامن ملک ہے مگر اپنی خودمختاری، سالمیت اور اپنے شہریوں کے تحفظ کے لئے ہر سطح پر مکمل دفاعی جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے یہ ایوان شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لئے دعا کرتا ہے، مذکورہ بالا حقائق کو مدنظر رکھ کر یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ بھارت کی جانب سے حالیہ انسانی حقوق کی سنگین پامالی اور شہری علاقوں پر بلاوجہ حملے کرنے کے ثبوت فوری طور پر اقوام متحدہ، او آئی سی اور عالمی برادری کے سامنے پیش اور بھارت کے خطرناک عزائم اور مکروہ چہرہ دنیا کے سامنے اجاگر کرے۔ قرارداد کی موزونیت پر بات کرتے ہوئے سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ بھارت دہشت گرد ملک ہے، بلوچستان میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعات میں بھارت کے ملوث ہونے کے ثبوت موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج نے گزشتہ شب بھارت کو دندان شکن جواب دیا، ہمارا بھرپور تعاون مسلح افواج کے ساتھ ہے۔ بلوچستان کا بچہ بچہ ملک کے دفاع کیلئے تیار ہے۔ ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ نے کہا کہ بھارت کا نہتے لوگوں کو نشانہ بنانا کھلی دہشتگردی ہے، وفاقی حکومت بھارت کی جانب سے حالیہ انسانی حقوق کی سنگین پامالی اور شہری علاقوں پر بلاوجہ حملے کے ثبوت فوری طور پر اقوام متحدہ، او آئی سی اور عالمی برادری کے سامنے پیش کرے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن صوبائی وزیر نور محمد دمڑ نے کہا کہ یہ قرارداد بلوچستان کے ڈیڑھ کروڑ عوام کی آواز ہے، بلوچستان کا بچہ بچہ مسلح افواج کے ساتھ ہے، پاکستان نے ہرمحاذ پر بھارت کو شکست دی ہے۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ بھارت نے گزشتہ شب بزدلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے وطن عزیز پر حملہ کرکے عام شہری آبادی، مساجد، مراکز صحت پر میزائل برسائے جس کی مذمت کرتے ہیں پاک فوج نے جس پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارت کو جواب دیا اس پر پاکستانی قوم کا سر فخر سے بلند ہوا ہے، پاکستانی افواج نے جو جواب دیا اس سے انڈیا میں کھلبلی مچ گئی ہے، پاک فضائیہ نے 1965ء کی یاد تازہ کردی۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے اقلیتی رکن اشوک کمار نے کہا کہ بھارت نے رات کے اندھیرے میں ہمارے بچوں اور خواتین کو نشانہ بنایا جس کی مذمت کرتے ہیں، بھارت نے رات کو حملہ کیا اور پاکستان نے دن کی روشنی میں بھرپور جواب دیا، انہوں نے کہا کہ پاک فوج، سیکورٹی ادارے اور عوام مودی سرکار کو منہ توڑ جواب دینے کیلئے تیار ہیں۔ بھارت کو ہماری مسلح افواج نے تاریخی شکست دی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے اقلیتی رکن سنجے کمار نے کہا کہ پہلگام ڈرامہ جب ناکام ہوا تو مودی نے اپنی فوج کو آگے کر کے حملہ کیا اور ہماری مسلح افواج نے انڈیا کو منہ توڑ جواب دے کر بھاگنے پر مجبور کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج نے ملک کے دفاع میں بھارت کے پانچ جہاز، ڈرون مار گرانے کے ساتھ ساتھ اگلے مورچوں پر موجود بھارتی فوجیوں کو پسپا کیا۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ہادیہ نواز نے کہا کہ بھارتی فوج نے مساجد، شہری آبادیوں کو نشانہ بنایا جس کا پاک فوج نے بھرپور جواب دیا جس پر بھارتی فوجوں نے سفید جھنڈے لہرا کر شکست تسلیم کرلی ہے۔ بعدازاں ایوان نے بھارت کے حملے کے خلاف مشترکہ مذمتی قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی جس کے بعد اسپیکر نے اسمبلی کا اجلاس 9 مئی کی سہ پہر تین بجے تک ملتوی کردیا۔

MASHRIQ QUETTA

## پاک فوج جارحیت کا موثر اور منہ توڑ جواب دینا جانتی ہے، محمد خان طور اتمانخیل

### پاکستانی قوم افواج کے شانہ بشانہ ہیں، پاکستانی فوج ہر محاذ پر تیار ہے، قوم متحد ہے، رکن صوبائی اسمبلی

**افواج پاکستان نے زبردست پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرکے بھارت کے جنگی طیارے مار گرائے**

لورالائی (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے اپنے ایک بیان بھارت کی اشتعال انگیزی ناقابل قبول ہے، پاکستانی قوم افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے پاک فوج کیجانب سے ہر جارحیت کا موثر اور منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ مسجدوں اور معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا قابل مذمت ہے۔ بزدل دشمن نے رات کے اندھیرے میں حملہ کیا، پاکستان نے 5 بھارتی طیارے تباہ کر دیے۔ ہماری امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے، دشمن کو واضح پیغام دے دیا ہے۔ بھارت کا مکروہ چہرہ دنیا کے سامنے بے نقاب ہو چکا ہے عالمی برادری بھارت کی ریاستی دہشت گردی کا نوٹس لے ہماری سرحدیں محفوظ ہیں، دشمن کے ہر حملے کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ پاکستانی فوج ہر محاذ پر تیار ہے، قوم متحد ہے۔ انہوں نے بتایا کہ افواج پاکستان نے زبردست پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارت کے پانچ جنگی طیارے مار گرائے، جبکہ ایک کاپٹر ڈرون بھی تباہ کیا گیا۔ یہ کارروائی دشمن کو واضح پیغام ہے کہ وطن عزیز کے دفاع میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی طرف سے شہری علاقوں اور عبادت گاہوں کو نشانہ بنانا اس کی گھٹیا ذہنیت کی عکاسی کرتا ہے۔ ایسے اقدامات خطے کے امن کو خطرے میں ڈال رہے ہیں۔ حاجی محمد خان نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ بھارتی جارحیت اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا فوری نوٹس لے صوبائی وزیر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ہر قسم کی قربانی کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر دشمن نے دوبارہ کسی مہم جوئی کی کوشش کی

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 08 MAY 2025 Page No. 22

# تلار چیک پوسٹ اور بارڈر بندش سے لاکھوں گھرانے متاثر ہیں

**مالک بلوچ**

**شام پانچ بجے کے بعد تلار چیک پوسٹ بند کردی جاتی ہے جس کے باعث مسافر بسیں اور دیگر گاڑیاں گوادر یا تربت کی جانب سفر جاری نہیں رکھ پاتی ہیں**

**لاکھوں افراد نان شبینہ کے محتاج ہو چکے ہیں، بارڈر ٹریڈ کو فوری بحال کر کے تلار چیک پوسٹ کو شام کے بعد بھی ٹریفک کے لئے کھولا جائے**

تربت ( نمائندہ انتخاب ) نیشنل پارٹی کے قائد سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے تلار چیک پوسٹ اور بارڈر بندش کے باعث عوام کو درپیش شدید مسائل پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ تلار چیک پوسٹ پر گاڑیوں کو غیر ضروری طور پر روکنا ایک منفی اقدام ہے، بیک وقت متعدد گاڑیوں کی موجودگی کسی بڑے حادثے کا پیش خیمہ بن سکتی ہے، انہوں نے کہا کہ شام 5 بجے کے بعد تلار چیک پوسٹ بند کردی جاتی ہے جس کے باعث مسافر بسیں اور دیگر گاڑیاں گوادر یا تربت کی جانب سفر جاری نہیں رکھ سکتیں

بقیہ نمبر 4 صفحہ 5 پر

اور رات تلار میں گزارنے پر مجبور ہوتی ہیں یہ صورتحال مسافروں کے لیے سخت اذیت کا باعث بن رہی ہے، انہوں نے مزید کہا کہ تلار چیک پوسٹ گوادر سے ایک گھنٹہ اور تربت سے ایک گھنٹے کے فاصلے پر ہے، مگر چیک پوسٹ کی وقت سے پہلے بندش سے شہریوں کو بلاجواز مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، بارڈر ٹریڈ کی بندش پر بات کرتے ہوئے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ لاکھوں گھرانے اس فیصلے سے متاثر ہوئے ہیں اور نان شبینہ کے محتاج ہو چکے ہیں انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بارڈر ٹریڈ کو فوری بحال کیا جائے اور تلار چیک پوسٹ کو شام کے بعد بھی ٹریفک کے لیے کھولا جائے تاکہ عوام کی مشکلات میں کمی آسکے۔

# تربت یونیورسٹی کے اساتذہ کی احتجاجی ریلی، امتحانی بائیکاٹ کا اعلان

**یونیورسٹی انتظامیہ کے غیر سنجیدہ رویے اور غیر شفاف طرز عمل نے جامعہ کے تعلیمی ماحول کو شدید نقصان پہنچایا**

**تدریسی سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں اور فیکلٹی کیساتھ ساتھ طلبہ بھی ذہنی دباؤ کا شکار ہو چکے ہیں، رہنماؤں کا خطاب**

تربت ( نمائندہ انتخاب ) یونیورسٹی آف تربت، فیکلٹی اور طلبہ کو درپیش مسائل پر اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کا احتجاج، امتحانات کے بائیکاٹ کا اعلان، یونیورسٹی آف تربت میں اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن نے فیکلٹی اور طلبہ کو درپیش دیرینہ مسائل اور انتظامیہ کی مسلسل عدم توجہی کے خلاف ایک پُرامن احتجاجی ریلی نکالی، کی بورڈ چوک سے شروع ہونے والی یہ ریلی یونیورسٹی کے ایڈمنسٹریشن بلاک تک پہنچی، جہاں اساتذہ کی بڑی تعداد نے اپنے مطالبات کے حق میں آواز بلند کی، ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے یونیورسٹی انتظامیہ پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ غیر

بقیہ نمبر 30 صفحہ 5 پر

سنجیدہ رویے اور غیر شفاف طرز عمل نے جامعہ کے تعلیمی ماحول کو شدید نقصان پہنچایا ہے، ان کا کہنا تھا کہ تدریسی سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں اور فیکلٹی کے ساتھ ساتھ طلبہ بھی ذہنی دباؤ کا شکار ہو چکے ہیں، نمائندوں نے الزام عائد کیا کہ ادارے کو اصول و ضوابط کے بجائے غیر قانونی توسیعات اور غیر ضروری اختیارات کے تحت چلایا جا رہا ہے، اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ وہ متعدد بار انتظامیہ سے مذاکرات کر چکے ہیں، تاہم ہر بار صرف زبانی یقین دہانیاں کرائی گئیں اور عملی طور پر کوئی پیش رفت نہیں ہوئی، اسی پس منظر میں ایسوسی ایشن نے اعلان کیا ہے کہ اگر مطالبات کو فوری طور پر تسلیم نہ کیا گیا تو 12 مئی سے شروع ہونے والے تمام امتحانات کا مکمل بائیکاٹ کیا جائے گا۔ اکیڈمک ایسوسی ایشن نے مطالبہ کیا کہ فیکلٹی کو ایم فل الاؤنس کے تمام بقایاجات کی فوری ادائیگی، سال 2022 اور 2023 کے میڈیکل بلز کی ادائیگی میں تاخیر کا خاتمہ، ایک واضح اور جامع میڈیکل پالیسی کی فوری تشکیل، لاء فیکلٹی کے نان پریکٹسنگ الاؤنس کی ادائیگی، پرو وائس چانسلر، رجسٹرار، ڈائریکٹر فنانس اور کنٹرولر امتحانات کی آسامیاں شفاف طریقے سے مشتہر کر کے پُر کی جائیں، فیکلٹی کو درپیش رہائشی مسائل کا حل اور ہاؤس الاٹمنٹ کا منصفانہ نظام، اسٹڈی لیو کو اصل چار سالہ منظوری کے مطابق بحال کیا جائے، یونیورسٹی میں پانی کے بحران کا مستقل حل، طلبہ کو تعلیمی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، ایسوسی ایشن نے حکومت بلوچستان، ہائر ایجوکیشن کمیشن اور دیگر متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری مداخلت کر کے یونیورسٹی کا تعلیمی مستقبل محفوظ بنائیں، اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن نے واضح کیا ہے کہ مطالبات کی منظوری تک احتجاجی تحریک جاری رہے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 08 MAY 2025 Page No. 23

# خضدار پولیس کی اسمگلنگ کیخلاف موثر کاروائیاں

## 60 من چھالیہ، تمباکو فلیور، سمر سیبل پمپ، انورٹر، سگریٹ وغیرا برآمد

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار سی آئی اے پولیس خضدار کی اسمگلنگ کیخلاف دو الگ الگ کامیاب کاروائیاں 60 من چھالیہ اور اسمگلنگ شدہ غیر ملکی سامان موٹرز سمر سیبل پمپ انورٹر سیگریٹ تمباکو فلیور کپڑا وغیرا برآمد کر کے کسٹم حکام کے حوالہ کر دیا........ بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس قلات رینج خضدار عبدالحمید کھوسہ سینئر سپرینڈنٹ آف پولیس خضدار جاوید احمد زہری کی اسمگلنگ کے خلاف خصوصی کمپین کی روشنی میں خضدار سی آئی اے انچارج مقبول احمد موسیانی و دیگر اہلکاروں نے کسٹم حکام کے ساتھ ملکر کامیاب کاروائی کے دوران سلیپر کوچ نمبری JD00325 کے سیٹوں کے نیچے فیٹنگ میں چھپائے گئے تقریبا 60 من چھالیہ اور دیگر کاروائیوں میں غیر قانونی سمر سیبل پمپ انورٹر سگریٹ تمباکو فلیور اور دیگر سامان برآمد کر کے کوچ سمیت کسٹم حکام کے حوالہ کردیا۔ کسٹم حکام کیمطابق غیر قانونی چھالیہ اور دیگر سامان کی قیمت کروڑوں میں بتائی جاتی ہے

# لورالائی پولیس نے دو اشتہاری

## ملزمان گرفتار کر لئے

لورالائی (خ ن) پولیس کی کاروائی قتل میں ملوث دو اشتہاری ملزمان گرفتار ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس لورالائی رینج ملک محمد سلیم لہڑی کے ہدایات پر ایس ایس پی لورالائی احمد سلطان کے احکامات کی روشنی میں زیر نگرانی ایس ڈی پی او کلیم اللہ کاکڑ ایس ایچ او تھانہ اشرف شہید........ بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

(سٹی) لورالائی عبدالرحمن لونی کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے کاروائی کرتے مقدمہ فرد نمبر 5 8/ 3 2 0 بجرم 149،147،324،302 میں مطلوب دو اشتہاری ملزمان عبدالحمید عرف بابر ولد سوراب، عبدالغفار ولد استرانہ ساکن لورالائی کو گرفتار کرلیا. مزید تفتیش پولیس تھانہ شہید محمد اشرف ترین سٹی لورالائی کررہا ہے لورالائی پولیس کی ایک اور کامیاب کاروائی مفرور ملزم گرفتار ایس ایچ او تھانہ شہید محمد اشرف ترین سٹی لورالائی عبدالرحمن لونی کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے خفیہ کاروائی کرتے ہوئے مقدمہ فرد نمبر 194/ 024 بجرم 34،506،406 میں مطلوب مفرور ملزم اسد ولد حاجی لال ساکن ڈیرہ غازی خان کو ڈیرہ غازی خان سے گرفتار کرلیا مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے۔

CamScanner

## کوئٹہ: ٹریفک جام کے باعث پیدل چلنا محال ہوگیا

**صبح اور دوپہر کے وقت صورتحال سنگین، قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں ٹریفک جام کے باعث پیدل چلنا محال ہوگیا شہریوں محمد عاصم صدام علی اور رضا علی نے بتایا کہ وسطی علاقوں میں صبح اور دوپہر کے وقت گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی لمبی قطاریں لگ جاتی ہیں جس کے باعث ملازمین اور خاص کر طلبہ کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور وہ تاخیر سے دفاتر وسکول اور کالج پہنچتے ہیں۔ لیاقت بازار جناح روڈ شارع اقبال پرنس روڈ اور دیگر علاقوں میں ٹریفک جام کے مسائل پر قابو پانے کیلئے ٹھوس اقدامات کی ضرورت ہے انہوں نے ایس ایس پی ٹریفک بہرام خان مندوخیل سے اپیل کی کہ کوئٹہ میں ٹریفک نظام کی بہتری کیلئے موثر چیک اینڈ بیلنس قائم اور ٹریفک قوانین کیخلاف ورزی پر بھاری جرمانے عائد کئے جائیں۔

INTEKHAB QUETTA

## مغوی پولیس اہلکاروں کو رہا کیا جائے، لواحقین کی اپیل

**منگچر واقعہ میں اغواء ہونیوالے اہلکار بے گناہ ہیں، گھروں میں صف ماتم بچھی ہوئی ہے، پریس کانفرنس**

حب (نمائندہ انتخاب) منگچر واقعہ مغوی پولیس اہلکاروں کے لواحقین نے بدھ کے روز بلدیہ ریسٹ ہاؤس حب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے اغواء کاروں سے مغوی پولیس اہلکاروں کی رہائی کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ مغوی پولیس اہلکار بے گناہ ہیں ماں اپنے لخت جگر، بہن

بقیہ نمبر 15 صفحہ 5 پر

اپنے بھائیوں، بیوی اپنی شوہر اور بچے اپنے والدین کی رہائی کے منتظر ہیں حب پولیس اہلکاروں کے اغواء کے واقعہ کو کئی دن گزر گئے ہیں لیکن اب تک وہ بازیاب نہ ہو سکے جس کی وجہ سے مغوی اہلکاروں کے گھروں میں صف ماتم کا سماں ہے اور ہر آنکھ اشکبار اپنے پیاروں کی یاد میں رورو کر انکی آنکھوں کے آنسو تک خشک ہو چکے لیکن اب تک مغوی پولیس اہلکاروں کا کوئی سراغ نہ لگ سکا ہے جس کی وجہ سے ہم لواحقین کی بے چینی میں مزید اضافہ ہو رہا ہے انھوں نے کہا کہ منگچر سے حب پولیس کے پانچ جوان اغواء ہوئے ہیں وہ تمام کے تمام بلوچستان کے رہنے والے اور بلوچ ہیں اور ہم اپنے بلوچ بھائیوں سے انکی رہائی کی اپیل کرتے ہیں وہ بے گناہ ہیں ان کا کوئی قصور نہیں ہے وہ صرف اپنی ڈیوٹی انجام دے کر قیدیوں کو لے جارہے تھے انھوں نے کہا کہ مغوی پولیس کے لواحقین نے مزید کہا کہ ان کے اغواء کے واقعہ کے بعد گھروں میں بے چینی پھیلی ہوئی ہے دن رات رونے میں گزر جاتا ہے اور گزشتہ کئی دنوں سے گھر کے کسی فرد نے کھانا تک نہیں کھایا اپنے پیاروں کی رہائی کے منتظر ہیں ایک سوال کے جواب میں مغوی پولیس اہلکاروں کے لواحقین نے کہا کہ منگچر واقعہ کے بعد حب پولیس کے افسران اور نہ ہی انتظامیہ نے ان سے کسی کا کوئی رابطہ نہیں کیا ہم ان سے پوچھنا چاہتے ہیں کہ منگچر واقعہ کے بعد قیدی کو لینے والی گاڑی ڈرائیور اور دیگر پولیس اہلکار واپس پہنچ جاتے ہیں جو کہ ایک سوالیہ نشان ہے انھوں نے پریس کانفرنس کے ذریعے اغواء سے گڑگڑا کر مغوی پولیس اہلکاروں کی رہائی کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ہم ماؤں، بہنوں، بچوں پر ترس کھا کر انہیں رہا کریں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 08 MAY 2025 Page No. 24

## کوئٹہ: ٹریفک جام کے باعث پیدل چلنا محال ہوگیا

### صبح اور دوپہر کے وقت صورتحال سنگین، قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کا مطالبہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں ٹریفک جام کے باعث پیدل چلنا محال ہوگیا شہریوں محمد عاصم صدام علی اور رضا علی نے بتایا کہ وسطی علاقوں میں صبح اور دوپہر کے وقت گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی لمبی قطاریں لگ جاتی ہیں جس کے باعث ملازمین اور خاص کر طلبہ کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور وہ تاخیر سے دفاتر و سکول اور کالج پہنچتے ہیں۔ لیاقت بازار جناح روڈ شارع اقبال پرنس روڈ اور دیگر علاقوں میں ٹریفک جام کے مسائل پر قابو پانے کیلئے ٹھوس اقدامات کی ضرورت ہے انہوں نے ایس ایس پی ٹریفک بہرام خان مندوخیل سے اپیل کی کہ کوئٹہ میں ٹریفک نظام کی بہتری کیلئے موثر چیک اینڈ بیلنس قائم اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر بھاری جرمانے عائد کئے جائیں۔

INTEKHAB QUETTA

## مغوی پولیس اہلکاروں کو رہا کیا جائے، لواحقین کی اپیل

### منگچر واقعہ میں اغواء ہونیوالے اہلکار بے گناہ ہیں، گھروں میں صف ماتم بچھی ہوئی ہے، پریس کانفرنس

حب (نمائندہ انتخاب) منگچر واقعہ مغوی پولیس اہلکاروں کے لواحقین نے بدھ کے روز بلدیہ ریسٹ ہاؤس حب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے اغواء کاروں سے مغوی پولیس اہلکاروں کی رہائی کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ مغوی پولیس اہلکار بے گناہ ہیں ماں اپنے لخت جگر، بہن

بقیہ نمبر 15 صفحہ 5 پر

اپنے بھائیوں، بیوی اپنی شوہر اور بچے اپنے والدین کی رہائی کے منتظر ہیں حب پولیس اہلکاروں کے اغواء کے واقعہ کو کئی دن گزر گئے ہیں لیکن اب تک وہ بازیاب نہ ہوسکے جس کی وجہ سے مغوی اہلکاروں کے گھروں میں صفت ماتم کا سماں ہے اور ہر آنکھ اشکبار اپنے پیاروں کی یاد میں رو رو کر انکی آنکھوں کے آنسو تک خشک ہو چکے لیکن اب تک مغوی پولیس اہلکاروں کا کوئی سراغ نہ لگ سکا ہے جس کی وجہ سے ہم لواحقین کی بے چینی میں مزید اضافہ ہو رہا ہے انھوں نے کہا کہ منگچر سے حب پولیس کے پانچ جوان اغواء ہوئے ہیں وہ تمام کے تمام بلوچستان کے رہنے والے اور بلوچ ہیں اور ہم اپنے بلوچ بھائیوں سے انکی رہائی کی اپیل کرتے ہیں وہ بے گناہ ہیں ان کا کوئی قصور نہیں ہے وہ صرف اپنی ڈیوٹی انجام دے کر قیدیوں کو لے جارہے تھے انھوں نے کہا کہ مغوی پولیس کے لواحقین نے مزید کہا کہ ان کے اغواء کے واقعہ کے بعد گھروں میں بے چینی پھیلی ہوئی ہے دن رات رونے میں گزر جاتا ہے اور گزشتہ کئی دنوں سے گھر کے کسی فرد نے کھانا تک نہیں کھایا اپنے پیاروں کی رہائی کے منتظر ہیں ایک سوال کے جواب میں مغوی پولیس اہلکاروں کے لواحقین نے کہا کہ منگچر واقعہ کے بعد حب پولیس کے افسران اور نہ ہی انتظامیہ نے ان سے کسی کا کوئی رابطہ نہیں کیا ہم ان سے پوچھنا چاہتے ہیں کہ منگچر واقعہ کے بعد قیدی کو لینے والی گاڑی ڈرائیور اور دیگر پولیس اہلکار واپس پہنچ جاتے ہیں جو کہ ایک سوالیہ نشان ہے انھوں نے پریس کانفرنس کے ذریعے اغواء سے گڑگڑا کر مغوی پولیس اہلکاروں کی رہائی کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ہم ماؤں بہنوں بچوں پر ترس کھا کر انہیں رہا کریں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 08 MAY 2025 Page No. 25

# حکومت بیروزگاری کے خاتمے کیلئے بہتر اقدامات کررہی ہے

یہ امر حقیقت ہے کہ اس وقت بلوچستان میں جہاں دیگر بیشمار مسائل ہیں وہاں بیروزگاری بھی ایک بڑا مسئلہ ہے۔نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد روزگار سے محروم ہیں ان میں اعلیٰ تعلیم یافتہ بھی شامل ہیں،بعض نوجوان تو ایسے بھی ہیں جو کہ اوورایج ہو رہے ہیں۔ بلوچستان میں بیروزگاری سرکاری آسامیوں پر تعیناتی اور پرائیویٹ سیکٹر میں صنعتوں اور کارخانوں کا نہ ہونا ایک بڑا مسئلہ ہے،کیونکہ اس وقت بھی سرکاری آسامیاں خالی پڑی ہیں لیکن ان پر تعیناتیاں نہیں ہورہیں جو کہ بلاشبہ بیروزگار نوجوانوں کیلئے ایک بڑی پریشانی کا سبب ہے۔

گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محنت وافرادی قوت سردار بابا غلام رسول عمرانی نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت بیروزگاری کے خاتمے کیلئے بہتر اقدامات کررہی ہے جونوانوں کو حکومتی سطح پر روزگار فراہم کرنے کیلئے ہم نے بڑی تعداد میں سعودی عرب، جرمنی ودیگر ممالک بھیجا ہے تاکہ وہ باعزت طریقے سے روزگار کرکے خود کفیل بن سکیں،اس اقدام سے سینکڑوں گھروں کے چولہے جلیں گے اور غریب کا خاتمہ ممکن ہوگا،150 مزید ویزے جاری کئے گئے ہیں جبکہ دیگر نوجوانوں کو جرمنی کی زبان کا عبور دینے کیلئے بھی کام جاری ہے تاکہ یہاں سے جانے والو لوگوں کو جرمنی میں مشکلات درپیش نہ آئیں مزید تین کمپنیوں کو ٹینڈر جاری کئے گئے ہیں جو مزید نوجوان چائنا، آسٹریلیا سمیت دیگر ممالک بھیجا جائے گا،اس عمل کے وسیع تر بہتری کیلئے مزید وسیع تر اقدامات کئے جائیں گے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی حکومت کی جانب سے بیروزگاری کے خاتمے کیلئے بہتر اقدامات کرنے کی حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے افرادی قوت سردار بابا غلام رسول عمران کا بیان نوجوانوں کو امید دلاتا ہے کہ وہ شاید اب برسرروزگار ہو جائیں گے صوبائی حکومت نے جو بیرون ممالک نوجوانوں کو بھیجنے کا سلسلہ شروع کیا ہے وہ بلاشبہ اچھا اقدام ہے اس سے بیروزگار نوجوانوں میں پائی جانیوالی احساس محرومی کا خاتمہ ہوگا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 08 MAY 2025 Page No. 26

# مچھ سیکورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب دھماکہ 7 جوان شہید

بلوچستان کے علاقے مچھ میں کالعدم بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) کے بزدلانہ حملے میں پاک فوج کے 7 جوان شہید اور 5 زخمی ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں بھارتی ایما پر کام کرنے والی کالعدم تنظیم نام نہاد بلوچ لبریشن آرمی کے دہشت گردوں نے سیکیورٹی فورسز کی گاڑی کو دیسی ساختہ دھماکہ خیز مواد سے نشانہ بنایا جہاں مچھ کے قریب سیکیورٹی فورسز کی گاڑی آئی ای ڈی سے ٹکرا گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بی ایل اے کے دہشت گردوں کے اس بزدلانہ حملے میں پاک فوج کے 7 بہادر جوان جام شہادت نوش کر گئے جبکہ دھماکے میں 5 سیکیورٹی اہلکار زخمی بھی ہوئے۔ شہدا میں صوبیدار عمر فاروق، نائیک آصف خان، نائیک مشکور علی، سپاہی طارق نواز، سپاہی واجد احمد فیض، سپاہی محمد عاصم، سپاہی محمد کاشف خان شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ واقعے کے بعد علاقے میں کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری ہے، تاکہ دہشت گردوں کو انجام تک پہنچایا جاسکے، اس گھناؤنے اور بزدلانہ حملے کے ذمہ داران کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ ترجمان نے کہا کہ پاک فوج، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور پوری قوم، بلوچستان میں امن، ترقی اور استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کو ناکام بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ آئی ایس پی آر نے مزید کہا کہ ہمارے بہادر سپاہیوں کی یہ قربانیاں ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ بھارت اور اس کے ایجنٹوں کے مذموم عزائم ان شاءاللہ، پاکستانی سیکیورٹی فورسز، ریاستی اداروں اور عوام کی جرات اور یکجہتی کے سامنے ناکام ہوں گے ہمارے بہادر سپاہیوں کی یہ قربانیاں ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ بھارت اور اس کے ایجنٹوں کے مذموم عزائم ان شاءاللہ، پاکستانی سیکیورٹی فورسز، ریاستی اداروں اور عوام کی جرات اور یکجہتی کے سامنے ناکام ہوں گے زیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں سیکیورٹی فورسز کی گاڑی پر دہشت گردوں کی جانب سے کئے گئے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ملکی سلامتی پر حملہ قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ یہ افسوسناک واقعہ نام نہاد کالعدم تنظیم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کی جانب سے بھارتی ایما پر کیا گیا ایک منظم ریاست مخالف حملہ ہے، جس کا مقصد بلوچستان میں بدامنی پھیلانا اور عوام کے حوصلے پست کرنا ہے لیکن قوم اور سیکورٹی ادارے ایسی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس بزدلانہ کارروائی میں پاک فوج کے سات جوانوں کی شہادت ایک عظیم قربانی ہے، جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ ہم اپنے شہداء کے مقروض ہیں، ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔ دہشت گردوں کو ان کے انجام تک پہنچا کر دم لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی ہر کوشش کا بھرپور جواب دیا جائے گا، امن کے دشمنوں کے خلاف کارروائیاں مزید سخت کی جائیں گی، اور ایسے عناصر کو عبرت کا نشان بنایا جائے گا جو معصوم جانوں سے کھیلتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ پوری ریاست سوگوار خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور حکومت شہداء کے لواحقین کو تنہا نہیں چھوڑے گی۔ قوم اپنے شہداء کو سلام پیش کرتی ہے یہ قربانیاں ہماری آزادی، خودمختاری اور پرامن مستقبل کی ضمانت ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے سکیورٹی اداروں کو ہدایت کی کہ وہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کریں اور صوبے میں قیام امن کے لیے ہر ممکن قدم اٹھائیں۔

## تعمیر وترقی کا سفر: ڈپٹی کمشنر جعفرآباد کی کھلی کچہری

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کے دور حکمرانی میں صوبے بھر کی عوام کے لئے یکسانیت کی بنیاد پر ترقیاتی عمل جاری ہیں کئی پروجیکٹ مکمل ہوچکے ہیں جن کی تکمیل سے عوام کی



**تحریر: اختر منگل**

زندگی میں مزید آسانیاں وقوع پزیر ہوئی ہیں وزیراعلیٰ کی نگرانی میں تمام صوبائی وزراء مشیر، پارلیمانی سیکریٹریز خود ان ترقیاتی امور کا جائزہ لیتے رہے ہیں جوکہ اس بات کی واضح دلیل ہے کہ عوام کی خدمت میں حاکم جڑے ہوئے ہیں



صوبے بھر میں تعلیم، صحت، آبنوشی، زراعت کا فروغ، بیروزگاری کا خاتمہ جیسے دیگر امور جوکہ مفاد عامہ میں ان کے لئے موجودہ حکومت ٹھوس بنیادوں پر کام کرکے اپنا فریضہ مثبت انداز میں سرانجام دے رہی ہے حکومت مفاد عامہ میں جو خطیر رقم خرچ کرکے اقدامات رہی ہے کیا ان سے عام آدمی مستفید بھی ہورہا ہے یا نہیں ان کی جانچ پڑتال کے مختلف طریقے ہیں جن سے حکومت معلومات حاصل کرکے ان تمام عوامل کا بغور مشاہدہ کرتی رہتی ہے اور جو نقائص سامنے آتے ہیں ان کے فوری ازالے کے لئے متعلقہ محکمے کو سختی کے ساتھ احکامات دیئے جاتے ہیں تاکہ عوام حکومت کے ہر اس عمل سے مستفید ہو جس کیلئے حکمران سرگرداں ہیں اسی حوالے سے تمام محکموں میں عوامی مسائل کے متعلق معلومات حاصل کرنے کیلئے صوبے بھر میں ڈپٹی کمشنرز کی نگرانی میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کروایا جاتا ہے تاکہ لوگوں کے جو مسائل ہیں وہ کھل کر سامنے آئیں اسی حوالے سے ضلع جعفرآباد میں بھی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی اور چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے احکامات کی روشنی اور کمشنر نصیرآباد ڈویژن معین الرحمان خان کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر جعفرآباد اظہر شہزاد کی نگرانی میں کھلی کچہری منعقد کی گئی کھلی کچہری میں سائلین نے ڈپٹی کمشنر جعفرآباد اظہر شہزاد کو زبانی اور تحریری طور پر درخواستیں پیش کیں کھلی کچہری میں شرکاء نے ضلع بھر میں امن وامان کی صورتحال زرعی اراضی۔ تعلیم صحت آبنوشی ترقیاتی منصوبوں کی صحیح معنوں میں عدم تکمیل شناختی کارڈ کے اجراء میں درپیش مسائل سمیت دیگر مسائل کے متعلق آگاہی فراہم کی گئی ڈپٹی کمشنر جعفرآباد اظہر شہزاد نے تمام ضلعی آفیسران کی موجودگی میں لاؤڈ اسپیکر پر فرداً فرداً تمام سائلین سے ان کے مسائل کے متعلق آگاہی حاصل کی جن جن مسائل کے متعلق نشاندہی کی گئی ہے اس مسائل کے فوری حل کیلئے ڈپٹی کمشنر کی جانب سے اس بات کی یقین دہانی کروائی گئی کہ ان مسائل کو حل کرکے ہی ضلعی انتظامیہ دم لے گی کھلی کچہری ایک عوامی پلیٹ فارم ہے جو شہریوں کو اپنے مسائل براہ راست انتظامیہ کے سامنے پیش کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ جب یہ عمل مؤثر طریقے سے انجام دیا جائے تو اس کے بعد کئی مثبت نتائج سامنے آتے ہیں کھلی کچہری میں دی گئی شکایات پر متعلقہ افسران فوری اقدامات کرتے ہیں، جس سے بہت سے مسائل موقع پر ہی حل ہو جاتے ہیں جعفرآباد کی کھلی کچہری میں زمین کے تنازعات پولیس یا دیگر اداروں کی ناانصافی بلدیاتی خدمات میں مزید بہتری لانے، صحت کے شعبے کو مزید استوار کروانے، تعلیمی عمل میں مزید مؤثر طریقے سے صحیح کرنے سمیت دیگر عوامی شکایات سامنے آئیں کھلی کچہری کے انعقاد سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ ضلعی انتظامیہ دیگر عوامی مسائل کو بھی فوری اور ہنگامی بنیادوں پر حل کروانے کیلئے سنجیدہ ہے کیونکہ جب عوام کے سامنے افسران کو جواب دہ ہونا پڑتا ہے تو ان کی کارکردگی میں بہتری آتی ہے۔ وہ اپنی ذمہ داریوں کو زیادہ سنجیدگی سے لیتے ہیں تاکہ مستقبل میں شکایات نہ ہوں۔ جب عوام یہ دیکھتے ہیں کہ ان کی بات سنی جارہی ہے اور عمل بھی ہورہا ہے تو ان کا اعتماد بڑھتا ہے۔ یہ اعتماد عوامی نظم ونسق کے استحکام کے لیے ضروری ہے کھلی کچہریوں میں مختلف محکمے ایک جگہ موجود ہوتے ہیں، جس سے ایک مسئلے کو حل کرنے کے لیے بین الادارہ جاتی رابطہ بہتر ہوتا ہے۔ کھلی کچہری کے بعد برآمد ہونے والے نتائج نہ صرف عوامی ریلیف کا ذریعہ بنتے ہیں بلکہ پورے نظام حکومت کی کارکردگی اور ساکھ کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں قوی امید ہے کہ جعفرآباد کی کھلی کچہری کے دوررس نتائج برآمد ہونگے اور لوگوں کے وہ بنیادی مسائل جوکہ صوبائی سطح پر حل طلب ہے ان کے لئے جعفرآباد ضلعی انتظامیہ ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6

Dated: 08 MAY 2025 Page No. 28

# نصیرآباد ڈویژن اور میر محمد صادق عمرانی کارکردگی

نصیرآباد ڈویژن، جوکہ بلوچستان کا دل تصور کیا جاتا ہے، آج کل ترقی کے ایک نئے دور میں داخل ہو چکا ہے۔ یہ علاقہ جو کئی دہائیوں تک محرومیوں اور مسائل کا شکار رہا، اب تیزی سے ایک روشن اور خوشحال مستقبل کی طرف گامزن ہے۔ اس ترقی کا سہرا اُن قیادتوں کے سر ہے جنہوں نے محض وعدوں پر اکتفا نہیں کیا، بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے عوامی مسائل کے حل کو اپنی اولین ترجیح بنایا۔ ان میں خاص طور پر میر محمد صادق عمرانی اور

خاندانوں کے لیے ذریعہ معاش ہے۔ اس میں بہتری لائے بغیر ترقی ممکن نہیں کیونکہ یہ ڈویژن دریائی پانی سے آباد ہوتی ہے اور صوبے کی معاشی ترقی اور خوشحالی کے ساتھ ساتھ لوگوں کی غذائی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں اس حوالے سے پٹ فیڈر کینال اور کیرتھر کینال زراعت کی پیداواری صلاحیتوں میں نمایاں رہی ہیں اور ان دونوں بڑی کینالز کو صوبے اور ملک کی ترقی میں نمایاں مقام حاصل

جدید دل کے اسپتال کی منظوری سے نہ صرف اس ڈویژن کے لیے بلکہ پورے بلوچستان کے لیے ایک انقلابی قدم ہے۔ اس اسپتال کی بدولت اب مریضوں کو دیگر شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑے گا اور انہیں مقامی سطح پر جدید علاج میسر آئے گا یہ ایک بلوچستان کے لوگوں کے لئے صدر پاکستان آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے ایک تحفہ ہے یہ بات قابل ذکر ہے کہ کسی بھی قوم کی ترقی کا دارومدار بہتر اور معیاری تعلیم پر منحصر ہوتا ہے کیونکہ تعلیم روشن مستقبل کی کنجی اور ترقی کا اصل چہرہ تعلیم میں پوشیدہ ہے۔ جب ایک قوم تعلیم یافتہ ہو جاتی ہے تو وہ نہ صرف اپنے مسائل کا حل خود تلاش کرتی ہے بلکہ ایک مضبوط ریاست کی تشکیل میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔

تحریر۔ نیک محمد







نصیرآباد ڈویژن میں میڈیکل کالج کی تعمیر ،بلوچستان ریزیڈینشل کالج، اوتھل یونیورسٹی کیمپس اسی وژن کا عملی مظہر ہے۔ یہ ادارے نہ صرف نصیرآباد بلکہ گرد و نواح کے علاقوں کے نوجوانوں کے لیے ایک سنہری موقع فراہم کریں گے تاکہ وہ معیاری تعلیم حاصل کر کے ملک کی قیادت میں اپنا کردار ادا کر سکیں ان کے ساتھ ساتھ ڈیرہ مراد جمالی کے شہری پچھلے کئی دہائیوں سے الاٹمنٹ کے مسائل سے دوچار تھے صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے عہدہ سنبھالتے ہی پہلا کام الاٹمنٹ کا کیا ڈیرہ مراد جمالی کے عوام کے لیے زمینوں کی الاٹمنٹ کا فیصلہ اُن خوابوں کی تعبیر ہے جو سالوں سے ادھورے تھے۔ یہ اقدام ان لوگوں کو اپنی چھت کا مالک بنانے کی طرف ایک اہم پیش رفت ہے جن کے پاس رہائش کی سہولت موجود نہ تھی۔ یہ صرف ایک سرکاری اعلان نہیں بلکہ انسانیت کے وقار کی بحالی ہے اگر بات کی جائے قیادت کی سنجیدگی اور خلوص کی تو یہ تمام ترقیاتی منصوبے اس بات کا ثبوت ہیں کہ اگر قیادت نیک نیت، بااخلاق، اور عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار ہو تو تبدیلی ناممکن نہیں۔ میر محمد صادق عمرانی اور بابا غلام رسول عمرانی کی قیادت نے یہ واضح کر دیا ہے کہ ترقیاتی منصوبے صرف اعلانات سے نہیں بلکہ عملی اقدامات سے مکمل ہوتے ہیں۔ اُن کی قیادت میں نصیرآباد ڈویژن آج نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے لیے ایک رول ماڈل کے

بابا غلام رسول عمرانی کا کردار قابل تحسین ہے، جن کی عوامی خدمت، خلوص اور ویژنری سوچ نے اس خطے کی تقدیر بدلنے کا بیڑا اٹھایا اگر بات کی جائے ترقی کی تو انسانی ترقی کی بنیاد بنیادی ضروریات کی فراہمی پر ہے۔ پانی، خوراک، صحت اور تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ نصیرآباد میں سب سے پہلے پانی کی قلت جیسے اہم مسئلے کو ہدف بنایا گیا۔ پٹ فیڈر اور کیرتھر کینال جیسے اہم آبی ذرائع کی صفائی اور پانی کی منصفانہ تقسیم کے اقدامات اس بات کی غمازی کرتے ہیں کہ زراعت کو ایک ترجیحی شعبہ قرار دیا گیا ہے۔ یہ وہی زراعت ہے جس پر مقامی معیشت کا دارومدار ہے اور جو ہزاروں

ہیاب جبکہ کچھی کینال منصوبہ بھی تیزی سے اپنی منزل کی طرف رواں دواں ہے جو بلوچستان میں سبز انقلاب برپا ہوگا جس سے نہ صرف علاقے کی ترقی کا موجب بنے گی بلکہ مجموعی طور پر ملک اور صوبے میں خوشحالی لانے میں اہم کردار ادا کرے گی اس کے علاوہ نصیرآباد ڈویژن کے لوگوں کے لئے ایک خوشی کی لہر اس وقت سننے میں آئی جب صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے ہیلتھ کے حوالے سے آگاہی فراہم کی صحت کے میدان میں نمایاں پیش رفت علاقے کے عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ہمیشہ سے ایک بڑا چیلنج رہا ہے، مگر حالیہ اقدامات نے اس خلا کو پُر کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ nicvd کمبٹ طرز کے





طور پر ابھر رہا ہے اس پیش رفت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ نصیرآباد کی حالیہ ترقی صرف انفراسٹرکچر کی تعمیر یا اعلانات کی حد تک محدود نہیں، بلکہ یہ ایک جامع حکمتِ عملی.. کا حصہ ہے جو انسانی ترقی کے تمام پہلوؤں کو محیط کرتی ہے۔ عوام میں ایک نئی امید پیدا ہو چکی ہے، اور وہ خود کو اس تبدیلی کا حصہ سمجھنے لگے ہیں۔ اگر یہی رفتار اور نیت برقرار رہی تو وہ دن دور نہیں جب نصیرآباد نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک میں ترقی، خوشحالی اور استحکام کی پہچان بن جائے گا ایک بات کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ کمشنر نصیرآباد ڈویژن معین الرحمن خان و ڈپٹی کمشنر نصیرآباد منیر احمد خان کاکڑ نے نصیرآباد ڈویژن میں ترقیاتی منصوبوں کو نہ صرف پایہ تکمیل تک پہنچانے میں بلکہ ان کے معیار کو یقینی بنانے کیلئے جس طرح جانفشانی سے کوششیں کی وہ لائق تحسین ہیں اور اگر بات کی جائے پٹ فیڈر کینال اور کیرتھر کینال کی بھل صفائی و ان کے ترقیاتی منصوبوں کی تو ان کو مقررہ وقت میں مکمل کروانے میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے۔

☆☆☆☆

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 08 MAY 2025 Page No.________



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے شہید ذوالفقار علی بھٹو فاؤنڈیشن کی کمپنی سیکرٹری نرجس خان کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کو ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب غلام سرور بروہی اور کمشنر آئی، آر، ڈی سرور جاوید ریجنل آفس کوئٹہ کی سالانہ رپورٹ پیش کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 08 MAY 2025 Page No.________



کوئٹہ، اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت اجلاس میں صوبائی وزراء اور ارکان اسمبلی مشترکہ مذمتی قرارداد پر اظہار خیال کر رہے ہیں